جیت ایک سمان جان کر یُدھ کر۔ ہرش شوک سے رہت ہو اس کا نام سمتا
یوگ ہے۔ ھے ارجن! ایسے یُدھ یوگ کے ساتھ جُڑ کر پاپ پُنیہ دونوں کو کاٹ
ڈال اور بُدھی یوگ کر۔ آتما کے ساتھ جڑ، اس کا نام کلیان یوگ ہے ایسے وِدوک
وِویکی پُرش ہیں سو پھل کسی کرم کا نہیں چاہتے میرے ساتھ جُڑتے ہیں۔ پھل چاہتے
ہیں سو پنچ متی ہیں۔ ھے ارجن! جب تو میرے ساتھ بُدھی کو نشچل کرو گے، تب
جنم مرن کے بندھن کاٹ کر میرے اوِناشی پَد کو پراپت ہو گا! ہے ارجن! جب موہ
کے جال کو تیری بُدھی توڑے گی تب جتنے شاستر سُنے ہیں۔ اُن سے بھی وِرکت ہو گا
جب تیری بُدھی نرمل ہو گی تب تو سمادھی یوگ کے سُکھ کو جانے گا۔ شری کرشن بھگوان
کے وچن سُن کر ارجن سوال کرتے ہیں۔ ہے کیشو! جس کی نشچل بُدھی ہے تِن کے
لچھن کُمر پا کر کہو تِس کی بولی کیسی ہے؟ سمادھی کیسی ہے۔ لوگوں کے ساتھ بات
کس بھانتی کرتا ہے اور چلتا بیٹھتا کس بھانتی ہے؟ میں کیسے سمجھوں کہ یہ نشچل
بُدھی ہے۔ اتنا سُن کر شری کرشن بھگوان کہتے ہیں۔ ھے ارجن! جن کی کامنا

کسی بات پر نہیں اٹھتی، جو اپنی آتما کو سنتشٹ ہے تس کو تو نشچل بدھی جان۔ پھر کیسا ہے، جس کی وہ کو یدی دکھ لگے تو چنتا نہ کرے اور سکھ کی اچھا نہ کرے۔ کسی سے جس کا موہ نہیں اور کسی کا بھے نہیں، کسی کے ساتھ بیر نہیں، اور کسی سے کرودھ نہیں ہوتا۔ پھر کیسا ہے جس کو کسی سے پریتی نہیں، جیسے بھلی وستو پاکر ہرش نہیں اور بری وستو پاکر شوک نہیں۔ تس کی بدھی نشچل جان۔ پھر کیسا ہے؟ جیسے کچھوا اپنے ہاتھ پاؤں مکھ سبھی اندریاں اپنی کھوپڑی میں چڑھا لیتا ہے ویسے ہی جس نے سبھی اندریاں وشیوں سے باندھ رکھی ہیں تس کو تو نشچل بدھی مان! ہے ارجن! یدپی ودیکی پرش اندریوں کو جیتنے کا یتن کرتا ہے تو بھی اندریاں بلوان ہیں من کو اپنی ٹھور سے چلائے مان کر دیتی ہیں۔ ہے ارجن! ان سب اندریوں کو تو بس میں کر۔ کس بھانتی وش میں کرو سو سن — من کا نشچے چیتا میرے میں رکھ۔ من ہی سے اندریاں سر جیت ہیں۔ سوئی میرے میں نشچے رکھ، تب اندریاں آپ ہی جیتی جاویں گی۔ جس کے وش میں اندریاں ہیں اس کی بدھی نشچل جان،

اور میرے نام تتھا میرے دھیان بنا کچھ چتو نا بات کرتا ہے ، اِس سے منشیہ کا کِس
بھانتی کا ریہ بگڑے ہے ، سوسُن ۔ جُو وِشیوں کی بات کریں تِن کا سنگ نہ کرے
اتھوا اپنے من میں وشیوں کا دھیان کرنے سے مَن میں کامنا اُپجتی ہیں . کام سے
کِرودھ اُپجتا ہے ! کرودھ سے لوبھ ، لوبھ سے موہ ، موہ سے چیتنیہٗ کا ناش ہوتا
ہے ۔ چیتنیہٗ کے ناش سے بُدھی کا ناش ہوتا ہے ۔ جب بُدھی نشٹ ہوئی تب یہ پشو ہُوا
اس کارن سے میرے بھگت سنسار میں وِشیوں کا سنگ کبھی نہیں کرتے اور نام
کے بنا اور کوئی بات نہیں کرتے . من کو چیتونی بنا اور کچھ سنکلپ نہیں کرتے ، یہ میرے
بھگتوں کو میری آگیا ہے ۔ تب ہے ارجن ! میرے بھگت بھوجن چھادن کا ،
اُنگی کار کیسے کریں ؟ سوسُن جیسی میری آگیا ہے جو آملا تیسے ہی بھوگ لیا ۔
شوک سے رہت اور تنکے مَن کا نشچل چیتا میرے میں ہوتا ہے . تس پر کرپا کرتا ہوں
میری کرپا سے تنکے تن اور من کو چھوٹے بڑے جو دُکھ ہیں اُن کا ناش ہوتا ہے . جن
کا نام اتی پرسن ہوتا ہے تنکا بُدھی کا نشچل چیتا میرے میں ہوتا ہے ۔ اب جن کی ناستِک

بُدھی ہے، تِن کی بات سُن۔ ہے ارجن ؛ ناستِک بُدھی کس کو کہتے ہیں ؟ جو ایسا کہتے ہیں کہ پرمیشور کہاں ہے ؟ تِن کی شردھا میرے میں نہیں لگتی، میرے میں شردھا لگے بِنا شانتی نہیں اور شانتی کے بنا کوئی سُکھ نہیں۔ ناستِک بُدھی دکھی رہتا ہے ہے ارجن ؛ جو اندریاں وشیوں کی اور چلیں تِن کے پیچھے من کو نہ جانے دیوے۔ اُس کی بُدھی کیسی ہے ؟ سو سُن ـــ جیسے نوکا ندی کے پرلے کنارے چلتی ہے اور پَون کا جھونکا ساتھ آتا ہے تو نوکا کو اس تٹ پر نہیں لگنے دیتا۔ وہ جدھر کدھر آ لگتی ہے۔ اِسی بھانتی اندریوں کے پیچھے من کو نہ جانے دے۔ اس لئے ہے ارجن ؛ پرتھم تو اندریوں کو بس میں کر۔ جن پُرشوں نے اندریوں کو اپنے بس میں کر لیا اُن کی بُدھی تیسے ہی میری بھگتی پوُرن اور نِشچل چاہیئے تو نِشچیہ جان۔ ہے ارجن ؛ اب اور سُن ـــ میرے سمرن میں جو آنند ہے اُسے سنساری نہیں جانتے ہیں۔ تِن کے واسطے میرا بھجن رات ہے جن میں منشیہ جاگتے ہیں اور سینتی جو میرے بھگت ہیں سو اُس اُور سے سو رہے ہیں۔ تِن کے واسطے سنسار کی بات راتری

ہے اور جو بھگت میرے ہیں بھجن میں جاگتے ہیں سادھان ہیں میرا جو پورن بھگت ہے اُس کے لکشن سُن ـــــ جیسے سمندر اپنے جل سے پوُرن اور نشچل ہے۔ وہ کیسا ہے؟ جس کی کامنا میرے بھجن بنا کسی بات کو نہیں چاہتی۔ ایسے جو اپر یہ آتوا چھی نرہن کار ممتا سے رہت ہے وہ شانتی پد میں لین ہے اور شانتی اس میں لین ہے۔ ھے ارجن! یہ میں نے تجھ کو برہم استھی کہی ہے۔ جو برہم میں ہے، تِس کی یہ اِستھی سُو بھاؤ سے پراپت ہوئی ہے سو پھر مایا کے لوبھ سے نہیں مُوہا جاتا۔ کیوں کہ وہ مایا ہر۔ نروان برہم پد کو جا پراپت ہوتی ہے۔

اِتی شریمد بھگوت گیتا سُوپ نِشت سُو برہما ودھیایئں یوگ شاستر شری کرشن ارجن سنواد ے ویشد یوگ نام دھتیوں ادھیائے سماپت

دوسرے ادھیائے کا مہاتم

شری نارائن جی کہتے ہیں ــــــ ہے لکشمی، دکشن دیش کے پورن نالک نگر میں سوشرما نامک دھنی ایک سادھو کی سیوا کرتا تھا۔ وہ ایک دن سادھو سے بولا۔ مجھے نارائن جی کے پانے کا اُپدیش کرو؟ بہت دن گذر گئے پر وہاں ایک بالک برہمچاری آیا۔ اُس نے برہمچاری سے وِینتیہ کری کہ مجھے نارائن جی کے پانے کا اُپدیش دو۔ تب بالک برہمچاری نے کہا۔ میں تجھے کلیان کاری دوسرے ادھیائے کا پاٹھ سناتا ہوں۔ سوشرما نے پوچھا۔ گیتا کا ادھیائے سُن کر کوئی کرتارتھ بھی ہوا ہے؟ بالک برہمچاری نے کہا ہاں؛ پہلے ایک پراچین کتھا سنو! ایک ایالی بن میں بکریاں چرایا کرتا تھا۔ ایک دن وے بکریاں لے کر واپس گھر آرہا تھا کہ راستے میں ایک سنگھ (شیر) بیٹھا دکھائی دیا۔ سب سے

آگے والی بکری کو دیکھ کر سنگھ ڈر کر بھاگ گیا۔ ایالی نے پوچھا کہ یہ سنگھ بکری کو دیکھ کر کیوں بھاگ گیا ہے ؟ میں نے کہا کہ یہ بکری پچھلے جنم میں ڈائن تھی اور سنگھ پھندک (شکاری) تھا۔ ایک دن بکری ڈائن نے پھندک کو کھا لیا۔ وہی پھندک مر کر یہ سنگھ بنا۔ اور وہ ڈائن بکری بنی۔ سنگھ کو پچھلا جنم یاد تھا۔ اب بکری کو دیکھ کر سنگھ نے جانا کہ یہ ڈائن مجھے کھانے آئی ہے اس لئے شیر بھاگ گیا۔ ایالی نے پوچھا ــــ میں پچھلے جنم میں کون تھا ؟ میں نے کہا ــــ تو پچھلے جنم میں چنڈال تھا ! ایالی نے کہا کیا ہمارا اُدھار بھی ہو سکتا ہے ؟ میں نے انہیں گیتا کا دوسرا ادھیائے سنایا ! اُن تینوں کی مُکتی ہوئی اب برہمچاری نے سو شرما کو وہاں گیتا کے شبد سنائے ! وہ گیتا گیان سن کر مُکت ہوا اور وید دھ پا کر بیکنٹھ کو گیا۔ شری نارائن جی بولا ــــ ہے لکشمی شری گیتا جی کے شرون کرنے سے مکت ہو جاتے ہیں۔

اِتی شری پدمو پرانے ستی اِشور سمبوادے اُترا کھنڈے گیتا مہاتمے نام دوتیہ ادھیائے سمپورن

شریمد بھگوت گیتا

تیسرا، ادھیائے

کرم یوگ



اس پرکار ارجن نے شری کرشن بھگوان سے پرشن کیا کہ اے جناردھن ! یدی آپ کرم کی اوپیکشا گیان کو شریشٹھ مانتے ہیں تب مجھے بھینکر کرم کی اور کیوں پریرت کرتے ہیں ؟ ان ملی جلی باتوں سے میری بدھی کو

کیوں بھرم میں ڈالتے ہیں؟ ایک نشچت بات بتایئے جس سے میرا کلیان ہو
ارجن کے وچن سن کر شری کرشن بولے —— میں تمہیں پہلے بتا آیا ہوں کہ
سدھی کے دو مارگ ہیں۔ گیانیوں کے لئے گیان یوگ اور کرمیوں کے لئے،
نشکام کرم یوگ! کسی بھی مارگ پر چلو، کرم تو کرنا ہی ہوگا۔ کرموں کے
نہ کرنے سے ہی نش کرمتا اتھوا بھگوان کا ساکھشاتکار تو ہو ہی نہیں سکتا! کرموں
کو کوئی چھوڑ بھی نہیں سکتا۔ پراکرتی کے آدھین اسے سونا، اٹھنا آدی کرم کرنے
ہی پڑتے ہیں۔ جو موڈھ بدھی ہٹھ سے اندریوں کو روک کر من سے انیک بھوگوں
کا دھیان کرتا ہے وہ دمبھی کہلاتا ہے۔ ہاں جو پرش اندریوں کی لگام من سے تھامے
ہوئے بھوگوں میں لپت ہوئے بنا اندریوں سے کرم کرتا ہے وہ سریشٹھ ہے۔
اس لئے تو کرم تو کر ہی، کرم نہ کرنے سے کرم کرنا سدا اچھا ہے۔ بنا کرم جیون
نرواہ بھی نہیں ہو پائے گا۔ ہے ارجن! جو کرم بھگوان کے نمت نہیں کئے جاتے
ہیں۔ وے منشیہ کو اس آواگون کے چکر میں باندھتے رہتے ہیں۔ اس لئے نشکام

ہو کر کرم کر۔ برہما نے پرجا کی رچنا کے ساتھ یگ بن کر آگیا دی کہ یگ دوارا تم لوگ بڑھو گے۔ یہ یگ تمہارا کام دھینو رہے گا تم لوگ یگ دوارا دیوتاؤں کو سنتشٹ کرو۔ وے تمہیں اُنّت کریں گے۔ اس پرکار پرسپر اُنّتی کرتے ہوئے پرم کلیان پراپت ہوگا۔ یگ سے پرسن کئے دیوتا تمہیں اِچھِت بھوگ پہنچائیں گے۔ ان بھوگوں کو جو انہیں دیئے بنا بھوگتا ہے وے نشچیہ چور ہی ہے یگ سے بچے بھوگوں کو بھوگنے والے شریشٹھ پرش سب پاپوں سے مُکت رہتے ہیں۔ اور جو کیول اپنے لئے ہی بھوگ جمع کرتے ہیں وے نشچیہ ہی پاپ بھوگتے ہیں یہ سرشٹی چکر ایسا ہے کہ سروپرانی انّ سے پیدا ہوتے ہیں۔ انّ کی اُتپتی ورشا سے سرشٹی کی رچنا یگ سے ہوتی ہے۔ یگ کا ارتھ ہے سرواُپکار کرم۔ یہ برہم ارتھات وید (گیان) سے اور گیان اوی ناشی پرماتما سے ملتا ہے۔ اس پرکار سروویاپی پرمیشور کی پرتیشٹھا سدا یگ میں ہے۔ جو پرش اس سرشٹی چکر کے انوسار نہیں ورتتا۔ وہ پاپی ویرتھ ہی جیتا ہے۔ پرنتو جو پرش آتم تتو میں لین

اور اس سے سنتشٹ رہتا ہے، اُس کے لئے کچھ بھی نہیں ہے۔ اس لئے ہے ارجن؛ تو اناستک رہ کر کرم کرتا جا۔ اس پرکار کرم کرنے والا منشیہ ایشور کو پراپت کرتا ہے۔ جنک آدی سنتوں نے ایسے ہی کرم یوگ سے سدّھی پائی تھی۔ پھر لوک ہتارتھ بھی کرم کرنے ہی چاہئیں۔ کارن کی بھلے آدمی کو دیکھ دوسرے پُرش اُس کا انوسرن کرتے ہیں۔ ہے ارجن؛ مجھے ہی دیکھ! تینوں لوکوں میں مجھے سب کچھ پراپت ہے تو بھی میں سندھیا، ترپن، پت سیوا، آدی ست کرم تو کرتا ہی ہوں۔ یدی میں آلسی ہو ست کرم بھی تیاگ بیٹھوں تب مجھ کو دیکھ سبھی ست کرموں کو چھوڑ بیٹھیں گے۔ سب لوک نشٹ ہو جائیں گے، پرجا میں ورن سنکرتا ہو جائے گی اور میں ساری پرجا کا وناشک کہلاؤں گا۔ اَتیو ہے ارجن؛ اگیانی پرش آسکت کرم کرتے ہیں ویسے ہی گیانی پُرش لوگوں کی شکھشا کے لئے آسکتی راہت کرم کرتے ہیں۔ کرم کرنا چھوڑ کر اگیانیوں میں کرم کے پرتی اشردھا اُتپن نہ ہونے دے۔ اَپتو سوئم سمتا بدھی رکھتا ہوا، اُن سے بھی ویسا

ہی کرم کرا دے ! ہے ارجن ؛ وستت : تو کرم پراکرتی کے گنوں دوارا کیئے ہوتے ہیں
اور اہنکار والا پُرش کہتا ہے میں کرتا ہوں ایسا سمجھتا ہے ۔ پرنتو جو گیانی پُرش گن ،
وبھاگ اور کرم وبھاگ کے تتو کو جانتا ہے آتما کو ان دونوں سے نرلیپ انوبھو
کرتا ہے ، وہ جانتا ہے ، گن گنوں میں ورتتے ہیں ۔ اس لئے وہ کرموں سے سُکھی اتھوا
دُکھی نہیں ہوتا ۔ پراکرتی کے گنوں سے بھرانت بُدھی پُرش پراکرتی کے گنوں اور
کرموں میں لپت ہوتے ہیں الپ بدھیوں کو گیانی پرش چکر میں نہ ڈالیں ۔
اس لئے ہے ارجن ! آتما بھیمکھ ہو کر مجھ میں سب کرموں کو ارپت کر ، آشا
اور ممتا کو تیاگ نشچت ہو یُدھ کر ! جو منشیہ شردھا سے میری یہ صلاح مانتے ہیں
وہ سب کرم بندھن سے چھوٹ جاتے ہیں ۔ اور جو ان میں مین میخ نکالتے ہیں ۔
اس کے انوسار ورتتے نہیں ۔ وے بھرانت بُدھی کلیان مارگ سے بھرشٹ ہو
جاتے ہیں ۔ گیانی اپنے سوبھاؤ کے انوکول کرم کرتا ہے سبھی سوبھاؤ کے ،
آدھین ہیں ۔ ہٹھ سے کوئی لابھ نہیں ہوتا ۔ منشیہ کو چاہیئے سبھی اندریوں

کے بھوگوں میں جو راگ دویش کی بھاؤنا بھری رہتی ہے۔ اس کے آدھین نہ ہو۔
کلیان کے مارگ میں بادھک یہ دونوں ہی لٹیرے ہیں۔ گُن رہت بھی اپنے
سو بھاؤ کے انوسار کیا ہوا کرم اچھی پرکار سادھے ہوئے دوسرے کے سوبھاؤ
انوسار دھرم سے ادھک اچھا ہے۔ سودھرم کے سادھن میں جیون کھپا دینا
کلیان کارک ہے۔ دوسرے کا دھرم بھینکارک ہوتا ہے۔ یہ سُن کر ارجن
نے پوچھا ____ ہے یدوپتی! یہ تو بتایئے کہ نہ چاہتے ہوئے بھی مانو کھانڈے
کے جور سے پُرش سے پاپ کون کراتا ہے؟ بھگوان شری کرشن نے کہا ____
رجوگُن سے اُتپن کام ہی کرودھ ہے۔ جو منشیہ کو پاپ کی طرف لے جاتا ہے! اس
کی بھوک بہت بڑی ہے۔ یہ بڑا پاپی ہے۔ اس کو تو اپنا بیری جان۔ جیسے
دھوئیں سے اگنی اور دھول سے درپن اور جیر سے گربھستھ شِشو ڈھک
جاتا ہے، ویسے ہی گیانیوں کو سدا بیری اگنی سریکھے، کام سے گیانی کا گیان
ڈھکا رہتا ہے۔ اور یہ کام منشیہ کی اندریوں، من اور بُدھی میں رہتا ہے۔ اور ان کے

دوارا ہی منشیہ کو موڑھ بناتا ہے۔ اس لئے ہے ارجن ؛ تو پہلے اندریوں کو اپنے وش میں کر ، گیان وگیان کو نشٹ کرنے والے اس پاپی کام کو ودھ ولش کر ! جو تو سمجھے کہ یہ میری شکتی سے باہر ہے سو بات نہیں ۔ کارن ، کہ اندریوں سے ، سُتدم من سے سُتدم اور ادھک بلوان ہے ۔ اُس کے دوارا درجن رُوپی کام شترو کو مار !

اِتی شریمد بھگوت گیتا سو نپشد سو برھم ودیا یوگ شاسترے کرم یوگ
نام تیسرا ادھیائے سماپت ہوا

مہاتم


ایک شودر نے بڑے انرتھوں سے دھن اکٹھا کیا تھا۔ اس کا دھن چور لے گئے
دھن کے ویوگ میں پاگل ہو کر وہ لوگوں سے پوچھتا پھرتا تھا، مجھے کوئی ایسا طریقہ بتاؤ کہ
جس سے میں پرتھوی میں گڑا ہوا دھن نکال لوں! کسی نے کہا ماس مدرا کھایا پیا کر!
وہ مانس مدرا کھا پی کر دُشٹ کرم کرنے لگا۔ ایک دن چوری کرنے گیا۔ چوروں نے اُسے
مار دیا۔ وہ پریت یونی پا کر ایک بڑے ورکش پر دُوکھت اور کلشٹ جیون میں رہنے لگا
کچھ کال اُپرانت اس کی پتنی کے ایک لڑکا ہوا۔ بڑا ہو کر لڑکے نے اپنی ماں سے اپنے پتا کے بارے
میں پوچھا۔ ماں نے کہا ــــ تمہارے پتا کو چوروں نے مار ڈالا۔ پُتر نے پوچھا ــــ تم نے اُس

کی گتی کرائی ؟ ماں نے کہا ـــــ نہیں ؛ پتر نے کہا ـــ تو میں اس کی گتی کرانے گیاجی جاؤں گا۔ اتنا کہہ کر وہ گیاجی کو چلا۔ راستے میں ایک بڑ کے درخت کے نیچے بیٹھ کر وہ گیتا کے تیسرے ادھیائے کا پاٹھ کرنے لگا۔ اس درخت پر اس کا پتا پریت بن کر وچرن کرتا تھا۔ تیسرے ادھیائے کا پاٹھ سن کر وہ پریت یونی سے مکت ہو دیو دیہی پائی۔ اپنے پتر کے سامنے آکر بولا ـــــ میں تیرا پتا ہوں تم نے گیتاجی کے تیسرے ادھیائے کا پاٹھ کر کے میری گتی کرائی ہے۔ تیرے سات پیڑھی کے پتر نرکوں کا دکھ بھوگ رہے ہیں۔ اب تیسرے ادھیائے کا پاٹھ کر کے اس کا پھل ان کو نمیتت دے۔ جس سے وہ نرک سے گر کر سورگ کو جائیں۔ یہ کہہ کر وہ وہاں پر بیٹھ کر بیکنٹھ کو گیا۔ پتر نے تیسرے ادھیائے کا پاٹھ کر کے اس کا پھل پتروں کو دیا۔ وے نرک سے چھوٹ کر سورگ کو پراپت ہوئے۔ دھرم راج کے پاس دوتوں نے آکر کہا کہ نرک خالی ہو گیا۔ وہاں کے جیو سورگ کو چلے گئے۔ دھرم راج چنتت ہو کر اسی سمے شری نارائن جی کے پاس آئے اور بولے ـــــ بھگوان، جو جیو جنم جنمانتر کے پاپی تھے انھیں آپ کے دوت بیکنٹھ کو لے گئے ہیں۔ نارائن نے پرسن ہو کر کہا ـــ دھرم راج

مت ہو۔ اب سے جو جیوٗ گیتا کا پاٹھ اتھوا شرون کرے یا کوئی جیوٗ گیتا کا پاٹھ کر کے اس کا پھل کسی دوسرے جیوٗ کو دے تو اسے نرک میں مت بھیجنا۔ دھرم راج نے اپنی پوری میں آکر نارائن جی کی دی ہوئی آگیا اپنے دوتوں کو دی۔ نارائن جی لکشمی سے بولے ـــ یہ میں نے تمہیں تیسرے ادھیائے کا مہاتم کہا ہے۔

اِتی شری پدم پورانے ستی ایشور سمو وادے اترا کھنڈے گیتا مہاتم نام تیسرا ادھیائے سمپورن

شریمد بھگوت گیتا



چوتھا ادھیائے

(کرم سنیاس یوگ)

۴۲ ، اشلوک

اس کے اُپرانت شری کرشن مہاراج بولے ۔ ہے ارجن ، سرشٹی کے آدی میں یہ اَوی ناشی کرم یوگ میں نے وِوسوان کو بتایا تھا ۔ وِوسوان سُوریہ نے پُتر منو کو بتایا ، منو نے اِکشواکو کو ۔ اس پرکار پرم پرا سے راج رشیوں نے جانا ۔

پرنتو اب اس پراتن یوگ کو لوگ بھول چکے ہیں یہی پراتن رہسیہ میں نے تجھے بتایا۔ کیوں کہ تو میرا بھگت ہے اور متر بھی۔ یہ سُن کر ارجن نے پوچھا ــــــ بھگوان، آپ کا جنم تو پیچھے کا ہے اور وویوسوان کا بہت پُرانا ہے پھر میں یہ کیسے جانوں کہ سرشٹی کے آدی میں آپنے وِوسوان کو یہ سب بتایا تھا۔ شری کرشن مہاراج نے جواب دیا ــــــ ہے ارجن! میرے اور تیرے انیک جنم ہو چکے ہیں۔ اُن سب کو میں جانتا ہوں تو نہیں جانتا۔ میں اوناشی، اجنما اور سب پرانیوں کا ادھشٹھاتا ہوتا ہوا بھی یوگ مایا دوارا اپنی پرکرتی کو آدھین کر کے پرکٹ ہوتا ہوں۔

ھے بھارت، جب دھرم کی ہانی اور ادھرم کی ورِدھی ہوتی ہے تب میں اپنے روپ کو پرکٹ کرتا ہوں۔ سادھو پرشوں کا اُدھار، پاپیوں کا وناش تتھا دھرم کی استھاپنا کرنے کے لئے پرکٹ ہوتا ہوں۔ جو پُرش میرے اِس دِویہ جنم اور کرم کو سنچا جان لیتا ہے وہ پھر جنم، مرن کے بندھن سے چھوٹ کر پرَماتما میں لین (آدھشتت) ہو جاتا ہے۔ ایسے کتنے ہی پُرش گیان رُوپ تپ سے

پوتر ہو کر راگ، بھئے اور کرودھ کی بھاؤنا سے مُکت ہو کر پرماتما میں لین ہو چکے ہیں ہے ارجن، پرماتما کی بھگتی جس رُوپ میں جو کوئی کرتا ہے، وہی روپ اُس کو پراپت ہوتا ہے۔ اس رہسیہ کو جان بدھی مان پُرش اسی کے مارگ پر چلتے ہیں۔ جو منشیہ کرم پھل چاہتے ہوئے دیوتاؤں کی پوجا کرتے ہیں انہیں منشیہ لوک میں کرم پھل پراپت ہوتا ہے۔ گنُ اور کرموں کے بٹوارے سے براہمن، اکھتری، ویشیہ اور سودر کی رچنا کو بھی اَوی ناشی آکرتا پرماتما کی رچنا سمجھ۔ جو یہ جانتا ہے کہ پرماتما کو کرم پھل کی اچھا نہیں ہے۔ اُتیو اُسے کرموں کا لیپ نہیں ہوتا وہ پُرش بھی کرموں سے نہیں بندھتا۔ یہ سمجھ کر پہلے ہی پُوروجوں نے کرم کئے ہیں۔ اس لئے تو بھی پوروجوں دوارا سدا کئے ہوئے کرموں کو اسی پرکار کر۔ کرتو یہ کرم کیا ہے، کیا نہیں ہے، اس وشئے میں ودوان پرش بھی چکرا جاتے ہیں۔ میں تجھے اُس کرم کو ایسا سمجھا دوں گا کہ تو سنسار کے بندھن سے مُکت ہو جائے گا۔ کرم کی گتی رہسیہ مئے ہے۔ کرم کا سورُوپ نشدّھ کرم گُکرم اور اکرم کو بھی سمجھو۔ جو پُرش کرم کو اکرم کو

ارتھات اہنکار پھل کامنا رہت کرم سمجھتا ہے اور اسی پرکارنِ کام کرم ارتھات اکرم
کو ہی کرم مانتا ہے وہ بُدھی مان یوگی کرموں کو کرنے والا ہے۔ ہے ارجن، جس ویکتی
کے سب کاریہ کامنا اور سنکلپ سے رہت ہیں۔ اس پرکار گیان کی اگنی سے جس نے
سب کرموں کو جُھلسا دیا ہے وہ پنڈت ہے۔ کرم پھل کی آسکتی کو چھوڑ کر سنسار
کا آشریہ چھوڑ کر سدا پرماتما میں لیت اور ترپت رہنے والا پرش بھلی پرکار کرم
کرتا ہوا بھی کچھ نہیں کرتا۔ پھل کی آشا چھوڑے ہوئے انیہ کرن اور شریر کو وش
میں رکھنے والا سب بھوگ سامگری سے لِس پرہیہ پرش شریر سے کرم کرتا ہوا
بھی پاپی نہیں بن پاتا۔ جو کچھ مل جائے اس سے سنتشٹ سکھ، دُکھ، ہرش
شوک سے پرے، ایرشا سے رہت، سِدھ اسِدھ میں سمان بھاؤ رکھنے والا
پرش کرم کر کے بھی اس میں بندھتا نہیں۔ آسکتی سے رہت پُرش کرم
مکت ہو جاتا ہے۔ اس کا چت گیان میں رہتا ہے۔ ایسا پُرش یگ کے لئے کرتا ہے
اس لئے اب اس کے کرم سکھ دُکھ آدی پھل اُتپن نہیں کرتے۔ جس پُرش

کا ترپن، ارپن، ہوی، اگنی برہم ہے۔ وہنی برہم ہے، اُس کا پراپتو بھی برہم ہی ہے۔ کوئی یوگی دیو یگ کرتے ہیں۔ کوئی برہم اگن میں یگ کرتے ہیں۔ ارتھات گیان دوارا پار برہم پرماتما میں ایک بھاؤ سے اوستھت ہوتے ہیں۔ کوئی کرن آدی اندریوں کا ہون سنیم کی اگنی میں کرتے ہیں۔ ارتھات اندریوں کو وشئے سے روکے رکھتے ہیں، کوئی شبد آدی وشیوں کو اندریوں میں ہون کرتے ہیں ارتھات وشیوں کو اندریوں سے گرہن کرتے ہوئے بھی انہیں بھسم سات کرتے ہیں۔ وہی یوگی جن اندریوں اور پرانوں کے بیوپار کو گیان سے پرکاشت پرماتما وستھت کی اگنی میں ہون کرتے ہیں۔ اپنی سب چیشٹھاؤں سے پرماتما کا چنتن کرتے ہیں۔ کوئی ایشور ارپن بدھی سے لوک سیوا میں درویہ لگاتے ہیں۔ (درویہ یگ)، کوئی سوکرتویہ پالن روپ تپو یگ کرتے ہیں۔ کوئی اشٹانگ یوگ روپ کے یوگ کرتے ہیں۔ دوسرے تیکچھن ورت سواد ھیائے گیان یگ کے کرنے والے ہیں۔ کوئی آپان میں پرانا وایو کو اور پران میں آپان وایو کو اس پرکار دونوں کی گتیوں کو روک کر پران یام کرتے ہیں۔ کچھ آہار کو نیت

کر کے پرانوں میں پرانوں کا ہون کرتے ہیں۔ یہ سب یگ کو منن والے یگ
سے پاپ کا ناش کرتے ہیں۔ ہے ارجن! یگ کے پرینام امرت کو بھوگنے والے
نتیہ برہم کو پراپت کرتے ہیں، یگ رہت پرش کو تو اس لوک میں بھی
سکھ نہیں ملتا پرلوک کی تو کون کہے۔ ویدوانی میں ایسے کتنے ہی یگوں کا،
وستار بتایا گیا ہے۔ وے سب کرج ہیں ایسا جان کر تو مکت ہو جائے گا۔
دَرویہ مئے یگ سے گیان روپ یگ شریشٹھ ہے۔ ہے ارجن کرموں کی انتم سیما
تو گیان ہی ہے۔ تتو دیتا گیانیوں سے یہ گیان نمرتا اور سیوا سے پوچھ پوچھ کر
جاننا چاہیئے۔ اس کو سمجھ لینے پر پھر ایسے چکر میں نہیں پڑے گا۔ اور پھر اپنے آتما
میں اور مجھ میں بھی سب بھوت پرانیوں کو اوستھت دیکھے گا۔ یدی تو سب
سے ادھک پاپ کرنے والا بھی ہو تو بھی گیان روپی نوکا را سب پاپوں سے پار
ہو جائے گا۔ ہے ارجن، جیسے پرجیولت اگنی ایندھن کو جلا دیتی ہے ایسے ہی گیان
اگنی دُشٹ کرموں کو راکھ کر دیتی ہے۔ گیان کے سمان پوتر اس لوک میں کچھ،

نہیں ہے جو اس گیان کو کرم یوگ کا سادھک پاکر اپنی آتما میں انو بھو کرتا ہے
جتیندریہ گیان کی لگن والا شردھالو پُرش گیان کو پا لیتا ہے اور گیان کو پراپت
کر لیتا ہے۔ اور گیان کو پراپت کر کے جلدی ہی پرم شانتی کا لابھ لیتا ہے۔ جو پُرش
اگیانی ہے شردھالو بھی نہیں ہے۔ وہ ڈانواں ڈول ہے۔ اس لوک اور پرلوک
میں وشواس نہیں رکھتا۔ وہ مارا مارا پھرتا ہے۔ شنشیہ آتما کو چین نہیں ملتا۔
ہے دھننجیہ، سمتوٗ بُدھی روپ یوگ سے جس نے سب کرموں کا تیاگ کیا ہوا
ہے، سب دُویدھائیں کاٹ دی ہیں، جو پرماتم پرائن ہے۔ اُسے کرم نہیں باندھتے
اس لئے یہ بھرت ونشی ارجن، اگیان سے اُتپن اپنے ہردئے میں استھت اس
شنشئے کو گیان تلوار سے کاٹ کر یدھ کرنے کو تیار ہو جا۔

اِتی شریمد بھگوت گیتا سوپنشد کرم سنیاس یوگو نام چوتھا ادھیائے سماپت ہوا۔

مہاتم

شری نارائن بولے ــــــ ہے لکشمی ، گیتا پاٹھی سے چھوکر بھی آدھمی دیویک کو پراپت ہوتے ہیں۔ اب ایک کتھا شروع کرو ! بھاگیرتھی گنگا کے تٹ پر ایک ویشنو سادھو رہتا تھا۔ وہ نتیہ پرتی شری گنگاجی میں اسنان کر کے گیتا چوتھے ادھیائے کا پاٹھ کرتا تھا۔ ایک دن وہ سادھو بن میں گیا۔ وہاں دو بیریاں اکٹھی کھڑی تھیں ! سادھو گرمی سے گھبرا کر بیریوں کے نیچے سو گیا۔ ایک بیری سے اس کا سر لگا اور دوسری بیری سے پاؤں لگے۔ وہ دونوں بیریاں اُس یونی سے چھوٹ کر ایک براہمن کے گھر میں کنیا کے رُوپ میں اُتپن ہوئیں۔ جب وہ بڑی ہوئیں تو انہوں نے سوچا کہ جس تپسوی نے ہمیں بیریوں کی ادھم دہ سے چھٹکارا دلایا تھا ہمیں اس کا درشن کرنا چاہیئے۔ یہ بے چاری اپنے پتا سے تیرتھ یاترا کی آگیا لے کر چلیں۔ کاشی میں جا کر انہوں نے اُس سادھو ویشنو کو دیکھا تو وہ

اس کے آگے جاکر ڈنڈوت کر کے بولیں ــــ تم دھنیہ ہو۔ تم نے ہمیں کرتارتھ کیا۔ سادھو بولا ــــ
میں تو تمہیں نہیں جانتا۔ وہ بولیں ؛ ہم بیریاں ہیں۔ جن کا آپ نے اُدھار کیا تھا۔ سادھو بولا
ــــ اب میں تمہاری کیا سیوا کروں ؟ وہ بولیں ــــ کرپا کر کے ہمیں گیتا کے چوتھے ادھیائے
کا پھل دان کرو ۔ ویشنو سادھو نے چوتھے ادھیائے کا پھل دان کیا۔ وہ دونوں اسی سمے دیو دیہ
پاکر بیکنٹھ کو گئیں۔ نارائن بولے ــ ہے لکشمی ! تم نے یہ چوتھے ادھیائے کا مہاتم سُنا !

اتی شری پدم پورانے ستی ایشر سمبوادے اترا کھنڈے شری گیتا مہاتم نام
چوتھا ادھیائے پورا ہوا

شریمد بھگوت گیتا



پانچواں ادھیائے

سنیاس یوگ

۲۹ اشلوک

ارجن نوواچ ——— ارجن نے پوچھا، ہے بھگوان ! آپ کرموں کا تیاگ اور پھر ان میں جُٹ جانا (کرم یوگ) مجھے دونوں کی صلاح دیتے ہیں۔ ان دونوں میں جو ایک نشچیہ رُوپ سے ادھک کلیان کارک ہو، مجھے وہ بتاؤ ؟ شری بھگوان واچ مہاراج بولے، ہے ارجن ! کرموں کا سنیاس اور کرموں کا یوگ دونوں ہی کلیان

کارک ہیں۔ اِن دونوں میں کرم چھوڑنے کی اپیکشا اس میں جٹے رہنا ادھک کلیان کارک ہے۔ جو پُرش کسی سے دویش نہیں کرتا، نہ کسی کو چاہتا ہے وہ تو سنیاسی ہی ہے ایسا نِردھن پرش بڑی آسانی سے بندھن رہت ہو جاتا ہے۔ سنیاس اور یوگ کا الگ الگ ماننا مورکھتا ہے۔ بُدھی متتا نہیں دونوں میں سے ایک کا بھی بھَلی بھانتی آشریہ لینے سے دونوں کا پھَل پراپت ہو جاتا ہے۔ گیانی یوگی جس پرم پد کو پہنچ جاتے ہیں۔ نشکام کرم یوگ کے بنا کرم سنیاس کی استھتی پراپت کرنا کٹھن ہے۔ نشکام کرم یوگ میں منن کرنے والا منشیہ اس استھتی کو چٹکی میں ہی پا جاتا ہے۔ نِش کام کرم یوگی، شُدھاتما، شریریندریہ، کو وش میں رکھنے والا ہی سب پرانیوں میں ایک ہی بھاؤ سے برتنے والا مہانو بھاؤ کرم کرتا ہوا بھی اس میں لپت نہیں ہوتا۔ اِندریاں سب اپنے وشیے میں وچرتی ہی ہیں۔ ایسا سمجھ کر تتو گیانی کرم یوگی دیوتا سنتا، چھوتا، سونگتا کھاتا، چلتا، شواس لیتا، بولتا، تیاگتا، آنکھ کھولتا اور میچتا ہوا بھی میں کچھ نہیں کرتا ایسا مانتا ہے۔ ارجن! کُسنگ کو چھوڑ کر سب کرموں

کو پرماتما میں ارپت کر جو پُرش کرم کرتا ہے وہ جل کے کمل پتر کی نیائیں کرم سے لیپت نہیں ہوگا۔ نش کام کرم یوگی آس تک چھوڑ کر انتہ کرن کی شُدھی کے لئے کیول اندریوں من، بُدھی اور شریر دوارا بھی کرم کرتے ہیں۔ نشکام کرم یوگی کرم پھل کا تیاگ کر کے شردھا سورُوپ بھگتو پراپت رُوپ شانتی کو پاتا ہے۔ سکامی منشیہ پھل میں آسکت ہو کر کامنا کے کارن بندھتا ہے۔ من سے سب کرموں کو تیاگ کر سنیمی پرش نو دواروں والے اس دیہہ میں کرنے کروانے کے جھنجھٹ سے اچھوتا رہ کر سُکھی رہتا ہے۔ پرمیشور نے سرشٹی میں کرتا تھوا کرم پھل سنیوگ کسی کو بھی نہیں بنایا۔ پرنتو سوبھاؤ سے یہ پرورتی ہے۔ سرو ویاپی پرماتما نہ کسی کے پاپ کرم کو لیتا ہے نہ کسی کے شبھ کرم کو۔ کنتو مایا سے اس کا گیان ڈھکا رہتا ہے۔ اس لئے سب جیو بھرم میں پڑے ہوئے رہیں۔ جن کے انتہ کرن کا یہ اگیان نشٹ ہو گیا ہے۔ اُن کو وہ گیان سُوریہ کے سمان اس پرماتما کا ساکھشات کار کرا دیتا ہے۔ ہے ارجن! جو جن بُدھی اور انتہ کرن سب پرکار سے پرماتما کے رُوپ کے ساتھ

ایکی بھاؤ رکھتے ہیں، وہ گیان سے پاپ کو چھوڑ کر جنم مرن کے بندھن سے چھوٹ جاتے ہیں۔ اس لئے سمدرشی پنڈت جن، ودوان اور وینئی براہمن، گئو، ہاتھی، کتا اور چنڈال سب کو ایک درشٹی سے دیکھتے ہیں۔ اس پرکار سمتا میں جو اپنے من کو سانتھ لیتے ہیں، وہ جیتے ہوئے ہی مُکت ہو جاتے ہیں۔ کیونکہ پرماتما نردوش اور سم ہے۔ جو اس میں استھت پرش اچھی لگنے والی وستو کو پاکر پرسن نہیں ہوتا اور اپریہ سے دُکھی نہیں ہوتا وہ ستھر بُدھی سنشیر ہت، برہم ویتا پُرش برہم میں ایکی بھاؤ سے ستھر ہے۔ وشیوں کے باہری سنیوگ سے نرلیپت رہنے والا پرش انت کرن میں چین انوبھو کرتا ہے۔ وہ برہم میں ایکی بھاؤ سے استھت ہوا پرش اکھشئیہ سُکھ کو پراپت کرتا ہے۔ اندریہ ایوم وشیوں کے سنیوگ سے اتپن ہونے والے بھوگ تو دکھ ہی اُتپن کرتے ہیں، یہ بھوگ انتیہ ہیں۔ اس لئے وویکی پُرش ان میں نہیں رمتا۔ جو منشیہ شریر چھوڑنے سے پہلے سے ہی کام کرودھادی کو جیت لیتا ہے۔ وہ پرش وستوتیہ سُکھی ہے۔ جو پُرش انترا تما میں سُکھی، چین اور

آنند کرتا ہے وہ یوگی برہم گیان کو پراپت ہوتا ہے۔ پاپ جنکے نشٹ ہو گئے ہیں۔ آتم درشی سب سے ہت رکھنے والے سنشیہ رہت، گیانی منشیہ پار برہم کو پراپت ہوتے ہیں۔ کام کرودھادی سے رہت سنیہ مت انتہ کرن والے گیانی منشیوں کے لئے چاروں اور پرماتما ہی پرماتما ہے واہیہ وشیہ بھوگ کو تیاگ کر درشٹی کو بھونہوں کے بیچ میں سادھ کر شواس، پرشواس کو سم کر کے اندریہ من اور بدھی کو جیتنے والا اچھا، بھیئے اور کرودھ سے رہت منشیہ مکت ہوتا ہے۔ وہ مجھے یگ اور تپ کا بھوگ کرنے والا، سب لوگوں کا آدمی پتی اور سب پرانیوں کا مترجان کر شانتی کو پراپت ہوتا ہے۔

اِتی شریمد بھگوت گیتا سو برھسم وڈیا یوگ شاسترے۔ سنیاس یوگ نام پانچواں ادھیائے سماپت ہوا۔


پانچویں ادھیائے کا خلاصہ و مہاتم

نارائن بولے ـــــــ ہے لکشمی ؛ ایک پنگل نامی برہمن دھرم سے بھرشٹ ہوکر ماس مچھلی، مدرا کا کھان پان کیا کرتا تھا۔ برادری والوں نے اُسے نکال دیا۔ وہ ایک راجہ کے پاس نوکر ہوا۔ وہ نتیہ پرتی راجہ سے چغلیاں کر کے دھنوان ہو گیا۔ اُس نے اپنا وِواہ بھی کر لیا۔ اُس کی استری دیو بھی چارنی تھی۔ وہ اپنے بھرتا کا کہنا نہ مانے۔ ایک دن پنگل نے اپنی پتنی کو بہت مارا۔ پتنی نے اسے زہر دے دیا جس سے وہ مر کر گدھ بن گیا۔ کچھ کال بعد وہ استری بھی مر گئی۔ اور نانا پرکار کے نرک بھوگ کر طوطی بن گئی اور ایک طوطے کی استری ہوئی۔ ایک دن اس نے طوطے سے پچھلے جنم کی بات پوچھی۔ طوطے نے کہا ـــــــ میں پچھلے جنم میں برہمن تھا ! اپنے گرو

کی آگیا نہیں مانتا تھا۔ ایک دن گرو نے مجھے شاپ دیا کہ تو طوطا ہو جا، سو میں طوطا بنا۔ اب تو اپنے پچھلے جنم کی وارتا کہہ۔ طوطی نے اس سے اپنے پچھلے جنم کی وارتا کہی ــــــ ایک دن وہ طوطی ون میں بیٹھی تھی وہاں وہی گدھ آیا۔ اس نے پہچانا کہ اس طوطی نے پچھلے جنم میں مجھے زہر دیا تھا۔ وہ اسے مارنے دوڑا۔ طوطی آگے کو بھاگی۔ طوطی تھک کر شمشان میں ایک پانی سے بھری کھوپڑی میں جا کر گری۔ گدھ پر پانی کے چھینٹے پڑیں۔ وہ اُسی وقت مر کر دیو دیہہ کو پراپت ہوئے۔ جب دھرم راج پوری میں پہنچے تو دھرم راج نے پوچھا ــــــ کیوں رے گدھ! تو پچھلے جنم میں کون تھا؟ گدھ نے اپنی پچھلے جنم کی وارتا کہی، پھر بولا ــــــ کرپا کر ہمیں یہ بتایئے کہ ہم نے اپنی جان میں تو کوئی پُنیہ نہیں کیا پھر ہمیں دیو دیہہ کیونکر پراپت ہوئی؟ دھرم راج بولے ــــــ "وہ ایک سادھو کی کھوپڑی تھی جس پانی بھرا تھا۔ وہ نتیہ گنگا اسنان کر کے گیتا کے

پانچویں ادھیائے کا پاٹھ کرتا تھا۔ وہ کھوپڑی پوتر تھی اُس کے اسپرش سے تم دیو دیہہ کو پراپت ہوئے۔ پھر انہوں نے دُوتوں کو آگیا دی ــــ جو پُرانی گیتا کا پاٹھ کرتے ہوں انھیں مجھ سے بِنا پوچھے بیکنٹھ لے جایا کرو!

اِتی شری پدم پُرانے ستی ایشور سمواد ے اُتر اکھنڈے گیتا مہاتمیہ نام پنچوادھیائے سمپورنم



شریمد بھگوت گیتا

چھٹا ادھیائے

آتم سنجم یوگ

اشلوک ۴۷

شری بھگوان اوواچ ——— جو منشیہ کرم پھل نہ چاہتا ہوا کرنے یوگیہ کرم کرتا ہے وہ سنیاسی اور یوگی دونوں ہے۔ کیول اگنی ہوتر ادی کریاؤں کا تیاگ کرنے والا سنیاسی اتھوا یوگی نہیں۔ ہے پانڈو پتر ارجن، جس کو سنیاس

کہتے ہیں۔ اسی کو تو یوگ جان۔ کیوں کہ سنکلپوں کو نہ تیاگنے والا کوئی بھی یوگی نہیں۔ یوگی بننے کی اِچھا والے منن شیل منشیہ کے لئے نِشکام کرم ہی سادھن ہے۔ اور یوگارو ڑھ ہو جانے پر سنکلپوں کا ابھاؤ کلیان کے ہیتو ہے۔ جب منشیہ نہ تو اندریوں کے بھوگوں میں آسکت ہوتا ہے اور نہ کرموں میں اس سمے وہ سب سنکلپوں کا تیاگی پُرش یوگارو ڑھ کہاتا ہے۔ اپنے دوارا ہی سنسار سمندر سے اپنا اُدّھار کر، اپنے کو گراوے نہیں۔ کارن کی یہ جیو آتما سوئم اپنا مِتّر اور ہے۔ جس نے اپنے من اور اندریوں ساہت شریر کو جیت لیا ہے۔ وہ اپنا سوئیں مِتر ہے، جس نے نہیں جیتا ہے اس کا آپ ہی شترو ہے۔ سردی، گرمی، دُکھ سُکھ تتھا مان اپمان آدی اندریوں میں، نِروِکار، شانت، سوادھین شریر والے منشیہ کی استھتی پرماتما میں ہی ہو جاتی ہے، وہ تدروپ رہتا ہے۔ گیان وگیان سے جس کا انتہ کرن ترپت ہے۔ جو نِروِکار اندریجیہ تتھا مٹی، پتھر اور سونے میں سمان بھاؤ رکھنے والا ہے۔ وہی پرماتما سے یُکت ارتھات یوگی کہا جاتا ہے۔ ہِتیشی، مِتر، شترو، ادرسین،

دوشی، بندھو اور پاپی سب میں سمان بھاؤ رکھنے والا ویکتی شریشٹھ ہے۔ انتہ کرن اور اندریہ سہت شریر کو جیت کر واسنا اور سنگرہیہ شیلتا سے دور رہ کر ایکانت میں اپنی آتما کو پرماتما کے سوروپ سے یُکت رہنے کی سادھنا کرنی چاہیئے۔ شُدھ بھومی پر کُشا اس پر مرگ چھالا، اس پر وستر ایسے ستھر آسن کو جو نہ بہت اونچا ہو، نہ بہت نیچا بچھاوے۔ اس آسن پر بیٹھ کر من کو ایکاگر کر کے چت اور اِندریوں کی کریاؤں کو وش میں کیئے ہوئے آتما کی شدھی کے لئے یوگا ابھیاس کرے۔ اس سمے شریر، سر اور گردن سیدھے اچل ستھر رہیں، اِدھر اُدھر نہ دیکھ کر ناسیکا کے اگر بھاگ پر درشٹی جمائے، انتہ کرن شانت ہو بھیہ رہت ایوم برہمچریہ کے ورت میں استھت ہو۔ من کو وش میں کیئے بھگوان کا دھیان کرتا رہے۔ اس پرکار آتما کو روپ میں نرنتر لگاتا ہوا سوادھین من والا یوگی ایشور میں استھہ رُوپ پرمیشور میں پرنت ہونے والی شانتی کو پالیتا ہے۔ اس ابھیاس کی سِدھی بہت کھانے والے کی بھی نہیں،

ہوتی اور بالکل نہ کھانے والے کو بھی نہیں ہوتی آتشیہ نہ کرنے والا اتھوا اتینت
جاگنے والا بھی اس سدھی کو پراپت نہیں کرتا۔ یتھا یوگیہ آہار، بہار، کرم چیشٹھا
اور شین جاگرن کرنے والے ویکتی کو یہ سب دکھوں کا ناش کرنے والا یوگ،
پراپت ہوتا ہے۔ اس ابھیاس سے جب وش میں آیا من ایشور میں ہی استھت
رہنے لگتا ہے، سب اچھاؤں سے منشیہ نسپرہ ہو جاتا ہے۔ تب یہ یوگ یُکت
کہاتا ہے۔ جس پرکار وایو رہت استھان میں رکھے کھو دیپک کی لو ہلتی جھلتی
نہیں، ویسے ہی یوگ کے ابھیاس سے منشیہ کا وش میں کیا ہوا من چلائمان
نہیں ہوتا ہے۔ ہے ارجن! جب ایسی استھتی ہو جاتی ہے کہ یوگ کے ابھیاس
سے ورودھ ہوا من وشیوں سے اُپرام ہو جاتا ہے۔ منشیہ کی آتما ایشور کے درشن
میں ہی سنتشٹ رہتی ہے، اندریوں سے اگمیہ کیول سُوکشم بُدھی گراہیم اننت آنند
کو انو بھو کرتا ہے اور دھیان سے وچلت نہیں ہوتا۔ اس سدھی لابھ سے
ادھک لابھ کو بڑا نہیں مانتا اور بھاری دُکھ سے بھی اس سدھی کو نہیں

چھوڑتا، تب اس دُکھ سنیوگ سے رہت استھتی کو یوگ سمجھنا چاہیئے۔ یہ یوگ
بنا گھبراتے ہوئے نشچئے کے ساتھ سادھنا چاہیئے۔ سنکلپ سے اُتپن
ہونے والی سب کامناؤں کو چھوڑ کر من سے سب اندریوں کو بھلی
پرکار وشں میں کرتا ہوا کرمشہ ابھیاس کرتا ہوا دھیرج اور دھیان
پوروک وشیوں سے اُپرام ہو۔ پھر چت کو ایشور کے سوروپ میں
لگا کر کسی دوسری اور نہ جانے دے۔ چنچل اور استھر من جدھر نکل جاوے
اُدھر سے پھیر کر ایشور میں ہی ستھر کرے جب من شانت ہو جاتا ہے تب
اس پاپ سے رہت رجوگن وراہت یوگی کو برہما سوروپ آتی اُتّم آنند
کو پراپت ہوتا ہے۔ پاپ سے رہت یوگی اس پرکار یوگ پراپت کرتا
ہوا ایشور کی پراپتی رُوپ انت آنند کو پراپت کرتا ہے۔ ہے ارجن ! اِس
پرکار یوگ ابھیاس کے دوآرا ایشور سے یکت آتما والا پُرش سب
میں سمدرشی ہو کر سب پرانیوں کا اپنے سروویاپی آتما اور آتم کا بھوتوں

میں انو بھئو کرتا ہے جو پُرش سب بھوتوں میں سب آتما رُوپ ایشور کو انو بھئو کر لیتا ہے وہ ایشور میں سب پرانیوں کی استھتی کو جان لیتا ہے وہ ایشور سے اُتھوا اس سے ایشور کبھی نہیں بچھڑتا۔ جو منشیہ سب پرانیوں میں استھت پرماتما کا دھیان کرتا ہے، وہ یوگی سب کچھ کرتا ہوا بھی پرماتما میں ستھر رہتا ہے۔ ہے ارجن، جو دیکتی سُکھ اور دُکھ کو بھی اپنے سمان سب میں دیکھتا ہے وہ سرو شریشٹھ یوگی ہے۔ یہ سب سُنکر ارجن نے کہا ــــــ ہے مدھوسُودن، آپ نے جس سمست یوگ کی سِدھی کا ورنن کیا ہے وہ تو من کے چنچل سو بھاؤ کے کارن دیر تک سِدھ نہیں رہ سکے گا۔ ہے کرشن، من بڑا چنچل، ہٹھی، بلوان اور درڑھ ہے اس کا روکنا تو وایو کو روکنے کے سمان اتی دُشکر کاریہ ہے۔ کرشن بھگوان نے اُس کے اُتر میں کہا ــــــ ہے مہا باہو، نِس سندیہ من چنچل ہے اور کٹھنتا سے وِش میں آنے والا پرنتو ابھیاس اور ویراگیہ سے یہ وش

میں آتا ہے۔ جو اپنے من کو وش میں نہیں کر سکتا اُس کے لئے تو یوگ کی، پراپتی کٹھن ہے۔ من کو وش میں کر کے منشیہ سادھن اور یتن سے پرماتما میں استھت روپ یوگ کو پا سکتا ہے۔ ارجن نے پھر پوچھا ——— جو منشیہ شردھالو ہو پرنتو یوگ کا ابھیاس کرتے ہوئے من کو وش میں نہ رکھ سکے، وہ یوگ سِدھی تک نہ پہنچ کر کس گتی کو پراپت کرتا ہے؟ کہیں ایسا تو نہیں کہ بھگود پراپتی کے مارگ سے بھٹکا ہوا کہیں بھی نہ پہنچ کر چھِنّ بھِنّ بادل کی طرح بھانتی سنسارِک بھوگوں اور بھگوت پراپتی دونوں سے ہی ہاتھ دھو بیٹھتا ہو! ہے کرشن! میرا یہ سنشیہ آپ ہی مِٹا سکتے ہیں اور ایسا کوئی دیکتی نہیں۔ بھگوان نے کہا ——— ہے ارجن! ایسے پُرش کو اس لوک اور پرلوک دونوں میں ستھان ہے۔ ہے پیارے! شُبھ کرم کرنے والے کی کبھی دُرگتی نہیں ہوتی۔ یوگ بھرشٹ پرش پُنیہ لوکوں میں برسوں نواس کر شُدھ آچار والے شریمان منشیوں کے گھر جنم لیتا ہے۔ اتھوا وہ گیان وان یوگیوں

کے گھراُت پنن ہوتا ہے ۔ پرنتو یہ جنم اَتی دُرلبھ ہے ! اس پرکار دونوں میں کہیں بھی جنم لے کر اُس پُرش کو پُورو شریر سے سمبندھ سمتوُ بُدھی سنسکار سوبھاو پراپت ہوتا ہے ۔ ہے ارجن ! وہ پھر سِدھی کے پریتن کرنے لگتا ہے ۔ وہ پُوروجنم میں یوگ بھرشٹ پُرش سرو سنسکاروں کے کارن سوئیتہ یوگ سِدّھی کے مارگ میں چلتا ہے ، یوگ کے اس جِگیاسُو کو اُپدیش کی اَوشیکتا نہیں ہوتی ۔ اس پرکار پریتن سے یتن کرنے پر پاپ سے رہت ہو یوگی بنتا ہے ۔ یہ سِدھی انیک جنموں میں پراپت ہوتی ہے ۔ سِدھی پراپت ہونے پر ایشور کے سوَرُوپ میں لین ہوتا ہے ۔ ہے ارجن ! یوگی پرش تپسوی گیانی اور سکام کرموں کے کرتاؤں سے اَدھک شریشٹھ ہے ۔ اَت ایو یوگی بن ، یوگیوں میں بھی جو یوگی اپنی آتما کو ایشور کے سوَرُوپ میں استھاپت کر شردھا پوروک بھگوان کا دھیان کرتا ہے ، وہ پرم شریشٹھ یوگی ہے ۔

اِتی شری بھگوت گیتا سو نپشد کرم سنیاس یوگو نام چھٹا ادھیائے سماپت ہوا ۔

چھٹے ادھیائے کا مہاتم

شری نارائن بولے ——— ہے لکشمی ! چھٹے ادھیائے کا مہاتم سنو !
گوداوری ندی کے تٹ پر ایک جان شروتی نامک راجہ راجیہ کیا کرتا تھا۔ ایک دن اس کے نگر میں ہنس اڑتے ہوئے آنکلے ! اُن میں سے ایک ہنس بیٹھتے ہی اڑ گیا۔ پنڈتوں نے کہا۔


——— ہے ہنس ! کیا تو راجہ جان شروتی سے بھی پہلے سورگ جانا چاہتا ہے ؟

ہنس بولا ——— اس راجہ سے سریشٹھ ایک رئیک مُنی ہے۔ وہ بیکنٹھ کا ادھیکاری ہوگا۔ ہنس تو اڑ گیا کنتو راجہ کے من میں اِچھا ہوئی کہ ایسے رئیک مُنی کے درشن کرنے چاہیئے ! وہ رتھ جُڑوا کر کاشی دوارکا آدی چاروں دھاموں میں بھرمن کرتا رہا۔ کنتو رئیک مُنی کا پتہ نہ چلا پھر اُتر دِشا

کو گیا۔ اس کا رتھ آگے نہ چلا۔ اس نے سمجھ لیا کہ یہاں رَیک منی ضرور ہوں گے۔ راجہ رتھ سے اُتر کر آگے بڑھا۔ ایک پَروَت کی کندرا میں ایک یتی بیٹھا دکھائی دیا۔ جس کے تیج سے ساری کندرا پرکاشمان ہو رہی تھی۔ راجہ نے ڈنڈوت کر کہا ـــــ میں آپ کے درشن کرکے کرتارتھ ہو گیا ہوں! رَیک مُنی نے راجہ کو پریم سے اپنے پاس بٹھا کر کند مول کھانے کو دیئے۔ راجہ نے پوچھا ـــــ آپ کا تیج کِس کے بَل سے ہے؟ رَیک مُنی بولے ـــــ میں نے اپنی جان میں کوئی پُنیہ نہیں کیا، ہاں! میں نے نتیہ گیتا جی کے چھٹے ادھیائے کا پاٹھ کرتا ہوں، یہ سب تیج اِس کا ہے۔ راجہ اپنا راج پاٹ پُتر کو دیکر یہاں رَیک مُنی سے گیتا کے چھٹے ادھیائے کا پاٹھ پڑھنے لگا اور ترِکال درشی ہوا۔ ھے لکشمی! یہ چھٹے ادھیائے کا مہاتم ہے۔

اِتی شری پدم پوران انترگت گیتا مہاتم چھٹا ادھیائے سمپورن ہوا

شریمد بھگوت گیتا



ساتواں ادھیائے

پرکرتی بھید، یوگ

۳۰، اشلوک

شری کرشن بھگوان نے کہا ـــــ ہے پارتھ ؛ ایشور میں چت کو لگا کر اُس کا آشریہ لے کر اَننیہ بھاؤ سے بھگوت پرائین یوگ میں مَن لگن ہو سُمے، ایشوریئے وبھُوتی ، بل آدی یکت بھگوان کو نِشچیہ ہی کیسے جانے گا، سو سُن ! میں تجھے

یہ سب تتو سمپورنتا سے بتاؤں گا جس کو جان کر پھر کچھ جاننے یوگیہ باقی نہیں بچتا ہزاروں منشوں میں سے کوئی ورلا ہی سدھ کا پریتن کرتا ہے۔ اور ان یتن کرنے والے یوگیوں میں سے کوئی ورلا ہی بھگوان کو جان پاتا ہے۔ ہے ارجن، پرتھوی، جل، اگنی وایو، آکاش، من، بدھی اور اہنکار یہ آٹھ پرکار سے وبھکت پرکرتی ہے اور یہ آٹھ پرکار کی جڑ پرکرتی آپرا کہلاتی ہے۔ سمپورن جگت کا دھارن کرنے والا جیو بھوت چیتنیہ پرکرتی بھگوان کی پرکرتی کہلاتی ہے۔ ہے ارجن، تو یہ نشچیہ کر لے کہ جگت کے سمپورن پدارتھ ان دونوں پرکرتیوں سے اتپن ہونے والے ہیں۔ ایشور سمپورن جگت کی اتپتی اور پرلیہ کا مول کارن ہے۔ ہے دھننجے، ایشور سے باہر کچھ بھی اس سنسار میں نہیں ہے۔ جس پرکار دھاگے میں منی پروئی جاتی ہے، ویسے ہی سنسار (جگت) مجھ (ایشور) میں پرویا ہوا ہے جل کا تتو بھوت رس میں ہی ہوں، سوریہ چندرما کی جیوتی، ویدوں کا سار بھوت اونکار، آکاش کا شبد، پرشوں کا پورش، بھومی کی گندھ، اگنی کا تیج، پرانیوں کا چیتنیہ تپسیوں

کا تپ، سب پدھارتھوں کا سناتن کارن میں ہی ہوں۔ ہے ارجن، میں بُدھی مانوں
کی بُدھی تیجسویوں کا تیج بلوانوں کی کامنا اور آسکتی سے رہت بَل اور پرانیوں
کے دھرم کے انکول، شاستر وِدِت کام ہُوں اور جو ستوگُن، رج ایویں تمم،
سمبندھی بھاؤ ہیں۔ اُن کا بھی مول میں ہی ہوں۔ وستُوتہ ان میں یا تو
وے میرے میں نہیں ہیں۔ یہ سا مگر جگت ان تینوں ساتوک راجس اور
تا ان سِک بھاؤ سے بھرانت رہتا ہے اور اِس سے اچھُوت مجھ (برہم) کو نہیں
جان پاتا ہے اور یہ ترگُنیم آلوکک بھرانتی (مایا) بڑی دُستر ہے جو پرماتما کا ہی
آشریہ لے لیتے ہیں۔ وہ اس بھرانتی سے نکل جاتے ہیں۔ جو لوگ پاپی ہیں،
بھرانتی سے جن کا گیان نشٹ ہو جاتا ہے وے آسُوری بھاؤناؤں سے گھرے
رہتے ہیں، میرا (بھگوان کا) بھجن نہیں کرتے! ہے ارجن میرا بھجن تو چار
پرکار کے ویکتی کرتے ہیں ایک ارتھارتھی ارتھات سانسارِک پدارتھوں کو
چاہنے والا، دوسرا سنکٹا پن، تیسرا جگیاسُو اور چوتھا گیانی۔ اِن میں جو

گیانی نشکام بھاؤنا سے بھگتی کرتا ہے، وہی اُتم ہے۔ گیانی مجھ (بھگوان) سے پریم کرتا ہے اور میں اُس سے یدھپی اور بھی سب پرکار سے اُودار (اچھے) ہیں۔ پرنتو گیانی تو ساکشات پرماتما سوروپ ہی ہے۔ وہ جتیندریہ سروُتم گنتویہ استھان روپی پرماتما میں استھت ہے۔ بہت سے جنموں کے پشچات پرماتما کو پراپت ہوا، سب کچھ واسُودیو ہی ہیں۔ ایسا انوبھو کرنے والا، مہاتما آتی دُرلبھ ہے۔ شیش لوگ اپنی اچھاؤں کے انوکُول بُدھی والے ہوکر دوسرے دیوتاؤں کی بھگتی کرتے ہیں۔ ان کی کامنا انوسار اُن کا ایشٹ دیو اسی روپ کا ہوتا ہے۔ پرنتو اِن سکامی بھگتوں میں سے جو کوئی جیسا ایشٹ دیو شردھا سے بناتا ہے۔ میں ایشور اس کی ویسی اٹل بھگتی کا نرمان کرتا ہوں۔ وہ ویکتی شردھا سے پُوجا کی چیشٹا کرتا ہے اس دیوتا سے بھی اس کی جو کامنا پورن ہوتی ہے اس کا کارن بھی میں ایشور ہی ہوں۔ پرنتو اِن الپ بُدھی والوں کو جو پھل ملتا ہے وہ ناشوان ہے۔ دیوتاؤں کے پجاری دیوتاؤں

کو پہنچتے ہیں اور میرے بھگت مجھے۔ مند بدھی پُرش میرے ایشور اَوِناشی
سروُتّم تتو رُوپ کو نہ سمجھتے ہوئے آشریری بھگوان کو شریر رُوپ میں
جانتے ہیں۔ لوگ مایا سے چھپا ہوا میرا روپ سب کے لئے پرکٹ
نہیں، اس لئے مورکھ لوگ مجھے اجنما اور اوناشی نہ سمجھ کر
شریر رُوپ میں میرا بھجن کرتے ہیں۔ ہے ارجن! میں تو سب سے پہلے
ورت مان تتھا بھوشیہ میں ہونے والے سب پرانیوں کو جانتا
ہوں۔ مجھے یہ سادھارن لوگ نہیں سمجھتے۔ بھاونا دُویش سے
اُتپنن سُکھ دکھ سے بھرانت ہوئے پرانی اگیان سے گھرے ہوئے ہیں۔ جو
پرانی پُنیہ کرموں سے اپنے پاپوں کو نشٹ کر دیتے ہیں۔ وے اِس سُکھ دکھ آدی دوندوں کے
جال سے مکت ہو جاتے ہیں اور مجھے (ایشور کو) سمجھ کر اُس کی بھگتی کرتے ہیں اور جو بھگوان کا آشرے
لے کر جنم اور مرن سے چھوٹنے کا پریتن کرتے ہیں، وے برہم ادھیاتم اور کرم،
سب کو ادی کُل جان جاتے ہیں۔ وے ہی ادھی بھوت، ادھی دیو

ادھی یگ کو سمجھ پاتے ہیں۔ اور شریر چھوڑتے ہوئے سنیت چت ہونے سے میرا (بھگوان کا) دھیان کرتے ہیں۔

اِتی شریمد بھگوت گیتا کے گیان وگیان یوگ نامی ساتواں ادھیائے
سماپت ہوا

اَتھ آٹھویں اَدھیائے کا مَہاتم

شری نارائن واچے ____ ہے لکشمی، نرودا ندی کے تٹ پر ایک سُوشرما نامی برہمن رہتا تھا۔ اس کے کوئی پُتر نہ تھا۔ اس نے پُتر پراپتی کے لئے اشومیدھ یُگ کرنے کا سنکلپ کیا۔ اسمیں بلی دان کرنے کے لئے وہ جس وقت بکرے کو مارنے لگا تب بکرے نے کہا ____ اے راجہ، میں نے بھی تیری طرح بکری کا بچہ بلی دان کیا تھا۔ اس کی ماں نے مجھے شاپ دیا تھا کہ تو میرے پُتر کو مار کر پتر پراپتی کی اِچھا رکھتا ہے، کسی دن تیرے گلے پر بھی چھُری چلے گی۔ میں نے اس کی پرواہ نہ کی۔ برہمن نے کہا ____ میں تجھے آنکھوں دیکھی گھٹنا سناتا ہوں۔ کورو کشیتر تیرتھ میں چندر سوشرما نامی راجہ، اسنان کرنے کو آیا۔ گرہن کے اُوسر پر اس نے لوہے کا آدمی بنوا کر ایک برہمن کو دان دیا۔ وہ لوہے کا آدمی ہنس کر برہمن سے بولا ____ کیا تو مجھے پچا سکے گا؟ برہمن بولا ____ میں نے تیرے جیسے کئی پچائے ہیں۔ وہ لوہے کا آدمی اسی سمے پھٹ گیا اور ایک کالی مورتی نکلی۔ برہمن نے گیتا کے آٹھویں ادھیائے

کا پاٹھ کیا۔ اُسی سمے کالیکا دیوئے دیہہ پاکر بیکنٹھ چلی گئی۔ بکرا برہمن سے بولا ـــــ کیا تمہارے گھر کوئی گیتا پاٹھی ہے جس سے میں اس آدھم دیہہ سے چھوٹوں ؟ برہمن بولا ـــــ اس نگر میں ایک گیتا پاٹھی رہتا ہے۔ پھر اس نے گیتا کے آٹھویں ادھیائے کا پاٹھ کیا جس سے راجہ کی دیہہ، چھوٹی۔ نارائن جی بولے ـــــ ھے لکشمی ؛ یہ تم نے گیتاجی کے آٹھویں ادھیائے کا مہاتم سُنا !


آٹھویں ادھیائے کا مہاتم سماپت ہوا

شریمد بھگوت گیتا

۹ نواں ادھیائے

راج وِدیا راج گجھ یوگ

اشلوک ۳۴،



شری کرشن نے ارجن سے کہا ـــــــ اب میں دوَیش درشٹی رہیت
تجھ شیشیہ کو اتی رہسیمیہ برہم گیان وِگیان پدھارتوں کے گیان سہت،
سمجھاؤں گا۔ جس کو سمجھ کر تو اَمنگل سے مُکت ہو جائے گا یہ برہم گیان سب

گیانوں کا راجہ اور رہسیوں کا بھی راجہ ہے، پوتر ہے، اُتکرشٹ ہے، سُکھ دُکھ کی بھانتی پرتکشیہ الو بھوُ سِدھ پُنیہ ہے بڑی سُرلتا سے سیمادت کیا جا سکتا ہے اور اُویناشی پھل والا ہے۔ ہے شترنجیہ ارجن، اِن میں شردھا نہ رکھنے والے مجھ پرماتما کو نہ پہنچ کر جنم، مرن کے چکر میں پھنس جاتے ہیں۔ ہے ارجن؛ جیسے برف میں جل سرو تر ویاپت ہے اور گھڑے میں مٹی ویسے ہی ویکت اس سنسار میں میں (ایشور) ابرکٹ رُوپ سے ویاپت ہوں۔ میں اُسے ویکت روپ پردان کرتا ہوں، سب بھُوت میرے انترگت ہیں۔ میں اُن کے آدھار پر نہیں ہوں۔ پرنتو میں سنگرہت ہوں۔ اس لئے یہ بھی ٹھیک ہے کہ یہ چراچر پدارتھ مجھ میں استھت نہیں ہیں۔ میرے ایشوری پربھاؤ کو دیکھ کر چراچر پدارتھوں کا پوشک اور اُن کا اُتپنن کرنے والا بھی میرا (پرماتما کا) سوُروپ پدارتھوں میں وچار سہت ہو کر، استھت نہیں ہے۔ جیسے سب جگہ پہنچنے والا وِسترُت وایو سدا آکاش میں قائم رہتا ہے۔ آکاش کا اُس کے ساتھ سنگ نہیں ہوتا ویسے ہی سب پدارتھ

مجھ میں استھت رہتے ہیں۔ ہے کنتی پتر! پرلیہ کے سمے سب پدارتھ جگت کے کارن روپ پرکرتی میں لین ہو جاتے ہیں۔ پھر سرشٹی کے سمے اس پرکرتی میں لین سب پدارتھوں کی یتھا یوگیہ رچنا کرتا ہوں۔ میں اپنی پرکرتی مایا کا ادھیشٹھاتا بن کر اپنے اپنے کرموں کے آدھین ہوئے ان سب چراچروں کو ان کے کرموں کے انوسار رچتا رہتا ہوں۔ ہے ارجن! استھت پرلیہ روپ یہ کرم مجھ کو تو باندھتے نہیں ہیں۔ کیوں کہ میں کسی میں راگ دویش نہیں رکھتا، ان میں سنگ کرتا پن کو رکھتا ہوں۔ ہے ارجن! جیسے چمبک کے پاس رکھنے پر لوہا سوئم آکرشن روپ کاریہ کو کرتا ہے۔ ویسے ہی مجھ ادھیشٹھاتا کے سنکٹ رہنے پر پرکرتی اس چراچر، جگت کو اتپن کرتی ہے۔ اس پرکار یہ جگت بار بار اتپن ایوں پرلین ہوتا ہے۔ آدِ لوپی منشیہ میرے اس اُت کرشٹ روپ کو نہ سمجھ کر مجھے مانوشی دیہہ والے دیکھتے ہیں اور بھکتی نہیں کرتے۔ اُن کی اس موڑھتا کا کارن اُن کی الپ بدھی ہے۔ اور اسی کارن اُن کی اچھاؤں کی اپورتی نشپھلتا ہے یتھارتھ گیان نہ ہونے سے اُن کی نشپھلتا

ہے۔ ویدرتھ آشا ایویں کم گیان والے مورکھ لوگ ویویک ناشی سو بھاؤ کے آدھین رہتے ہیں۔ پرنتو ہے ارجن؛ جو وشال بدھی ہیں وے کرم یوگیوں کے سو بھاؤ والے منشیہ مجھ کو سب بھوتوں کا کارن اور آدی ناشی جانتے ہوئے میری اننیہ بھگتی کرتے ہیں۔ لوگ سدا میرا گان کرتے ہیں۔ میری پراپتی کے لئے درڑھتا سے یتن کرتے ہیں اور بھگتی سے نمسکار کرتے ہیں۔ اور کرم سنیاسی بھی گیان روپ سے میری پوجا کرتے ہیں۔ اور سرو روپ مجھ ایشور، کی اُپاسنا نانا پرکار سے کرتے ہیں۔ کیوں کہ میں ہی شروت کرم ہوں۔ پنچ مہایگادی سمارت کرم میں ہوں۔ پتروں کو دیا جانے والا ان سب ونسپتیاں، منتر کرت، اگنی ہون روپ کرم سب میں ہوں۔ اس جگت کا پتا، ماتا، دھاتا، پتامہ سب میں ہوں۔ جاننے یوگیہ پوتر، اونکار۔ رگ، سام، یجر، بھی میں ہوں، کرم پھل، بھرن کرنے والا سوامی شبھ اشبھ کرم کا ساکھشی، واس استھان آشریہ، متر، اُتپتی، پرلیہ، آدھار، ندھان اور اوی ناشی بھی میں ہوں۔ گرمی اور ورشا بھی میں ہی کرتا ہوں۔

ویکت اور اویکت بھی میں ہی ہوں۔ تینوں ویدوں میں ورنت سکام ، کرموں کو کرنے والے ، سوم رس و پاپوں سے رہت ہوئے پُرش یوگیوں سے پُوجا کر سورگ کی کامنا کرتے ہیں۔ یہ بھی پُرش پُنیہ کرموں کے پھل سوَ رُوپ سورگ کو پراپت ہو دیوی بھوگوں کو بھوگتے ہیں۔ پرنتو اُس وِپُل سورگ کے بھوگ جال کو بھوگ چکنے پر سورگ پراپتی کے ہیتو بھوت پُنیہ پھل کے ختم ہونے پر منشیہ لوک میں آجاتے ہیں۔ دیو لوک کرموں کے کرنے والے اِس پرکار آواگون میں رہتے ہیں۔ پرنتو جو جن مجھے ہی سروت پراپت مانتے ہوئے میری بھگتی کرتے ہیں۔ اُن نتیہ ایکاکی بھاؤ سے سروتہ میں لگے ہوئے نتیہ نِشکام کرم یوگیوں کے یوگیہ شریہ کا دایتو مجھ پر ہے۔ سدا پرماتما میں سماہت چت ہو کر رہنے والے پرش موکھش سُکھ کا انو بھاؤ کرتے ہیں۔ وے آواگمن کے چکر میں نہیں رہتے۔ ہے کنتی پُتر ، شاستر گیان سے ہین جو پُرش دوسرے دیوتاؤں کی شردھا سے بھگتی کرتے ہیں وے بھی میری پوجا کرتے ہیں۔

بولا ـــــ ہم لوگ بھی شکار کھیلا کریں گے۔ ایک دن کسی دوسرے راجہ کے ساتھ راجہ شکار کھیلنے گیا۔ اور اُس نے شرط باندھی کہ جس کا کتّا شکار مارے سو لیوے۔ دونوں راجاؤں کے کتے ایک شیر کے پیچھے دوڑے۔ اور سب کتے پیچھے رہ گئے۔ سنگل دیپ کے کتے نے سسو کو زخمی کیا۔ سسا رودھر گرتا ہوا بھاگا اور کتّا اُس کے پیچھے پیچھے بھاگا آگے ایک کٹیا کے پاس ایک کچّا تالاب تھا۔ وہ دونوں اُس تالاب میں جا گرے۔ جب راجہ گھوڑے کو دوڑا کر وہاں پہنچا تو وہ دیویہ دیہہ پا کر بیکنٹھ کو جا رہے تھے۔ انہوں نے راجہ سے کہا ـــــ ہم تیری کرپا سے بیکنٹھ کو چلے ہیں۔ راجہ نے سنت جی سے پوچھا ـــــ یہ کیسا کوتک ہے؟ سنت نے کہا ـــــ ہے راجہ! میرے گورو اس تالاب میں اسنان کر کے نِتیہ گیتا کے چودھویں ادھیائے کا پاٹھ کیا کرتے تھے۔ میں بھی یہاں اسنان کر کے چودھویں ادھیائے کا پاٹھ کیا کرتا ہوں۔ اسی جل کے سپرش سے یہ دونوں بیکنٹھ کو چلے ہیں۔ راجہ نے اُن کے پچھلے جنم کی وارتا پوچھی؟ سنت نے کہا ـــــ یہ سسا پچھلے جنم میں بھرشٹ براہمن تھا۔ یہ کُتیا اس کی استری تھی۔ اِس نے استری کو بہت کھجایا

استری نے اس کو وِش دیکر مار ڈالا۔ جب دونوں مر کر یم لوک میں گئے، تب دھرم راج نے
حکم دیا کہ اس کو سسو کا جنم دو اور اس کو کتے کا جنم دو۔ جب ان دونوں نے پکار کی کہ مہاراج
ہمارا اودھار کیسے ہوگا؟ تب دھرم راج نے کہا ـــــ جب گیتا جی کے چودھویں ادھیائے
کا پاٹھ کرنے والے سنتوں کے استھان کے جل کا سپرش ہوگا تب تمہارا اُدھار ہوگا۔ یہ دونوں
دھرم راج کے ورسے اُدھرے ہیں۔ تب راجہ انہیں نمسکار کر کے اپنے گھر آیا اور اپنے پنڈت
سے نتیہ پرتی گیتا کے چودھویں ادھیائے کا پاٹھ سننے لگا۔ نتیہ پرتی پاٹھ سننے سے راجہ
کا اُدھار ہوا دیہہ تیاگ کر بیکنٹھ کو گیا۔ نارائن جی نے کہا ـــ ہے لکشمی؛ یہ چودھواں
ادھیائے کا مہاتم ہے جو میں نے کہا اور تم نے شروع کیا۔

اتی شری پدم پُران سنی ایشور سموادے اُترا کھنڈے گیتا مہاتم نام چودھواں ادھیائے پورا ہوا۔



شریمد بھگوت گیتا

پندرھواں ادھیائے ۱۵

پرشوتم یوگ

اشلوک ، ۲۰

شری کرشن بھگوان نے پرمیشور کا ساتوِک رُوپ سمجھانے کے لئے کہا

ھے ارجن، یہ جو مُول ہے یہ استھر رہے گی یا نہیں ایسا ہی ارتھ سنسار ورِکش کا ہے۔ اس کے جاننے والا ہی ویدوِتا ہے۔ اس ورِکش کا مول کارن سب سے

اُت کرشٹ (اونچا) برہم ہے۔ اُس سے اَوراچین (ادھوبھوت) آدیوکت تتو آدی اس کی شاخائیں ہیں۔ یہ اوی چھِن پربھاؤ ہونے سے اَدی ناشی ہے۔ یگیہ دان، تپ آدی کرموں کا پرتی پادن کرنے والے وید منتر اس کے پتے ہیں۔ اس سنسار رُوپی ورکش کی شاخائیں گنوں سے بڑھتی ہیں۔ وِشیہ ہی اُس کی کونپلیں ہیں۔ یہ منشیہ یونی میں کرموں کے انوسار باندھنے والی ہیں۔ اس سنسار میں وِرکش کا استھول رُوپ نہیں دکھائی دیتا، اِس کا آدی، انت اور ورتمان نہیں ہے۔ اس لئے اس اشوتتھ کو جس کی جڑیں (آہنتا، ممتا اویں واسنا رُوپ) اتی دڑھتا سے جمی ہیں۔ ویراگیہ روپ ششتر دوارا کاٹ کر اُس پرم پد پرمیشور کو اچھی پرکار کھوجنا چاہیئے۔ جہاں پہنچ کر پھر نہیں لوٹتے۔ جس پرمیشور سے پراتن سنسار ورکش کی پرورتی ہے اُس ہی آدی پُرش نارائن کی شرن میں ہوں۔ ایسا سمجھ کر، مان اویں موہ کو نشٹ کر، آسکتی کو جیت کر، نرنتر بھگوان میں استھت کامنائیں نشٹ کر،

سُکھ دُکھ آدی دُوندوں سے وِمکت گیانی جن اُس اویناشی پرم پد کو پراپت ہوتے ہیں جس سویَم پرکاش مئے پرم پد کو سوریہ چندرما یا اگنی پرکاشت نہیں کر سکتے اور جس کو پراپت کر پھر لوٹتے نہیں ہیں۔ وہی میرا پرم دھام ہے!

دیہہ میں جیو آتما میرا ہی انش ہے۔ یہی پرکرتی میں استھت من اور پانچوں اندریوں کو آکرشت کرتا ہے۔ جیسے وایو گندھ کے استھان سے گندھ کو ویسے ہی جیو آتما من اور پانچوں اندریوں کو تیاگے ہوئے شریر سے نئے گرہن کئے شریر میں لے جاتا ہے۔ وہاں استھت ہو کر شروتر، چکشو، تو چا، رسنا گھران اور من کے آشریہ سے وشیوں کو بھوگتا ہے۔ کِنتو شریر کو چھوڑ کر جاتے ہوئے، بھوگ کرتے ہوئے تینوں گُنوں سے یُکت رہتے اس جیو کی اگیانی جن نہیں دیکھ پاتے، گیانی ہی تتو سے جانتے ہیں۔ یوگی جن بھی یتن کر کے اسے آتما میں استھت دیکھ پاتے ہیں۔ جن کا انتہ کرن شدھ نہیں ہے۔ وے اُگیانی تو یتن کر کے بھی اسے نہیں جان پاتے۔ سوریہ

کا جو تیج سارے وشو کو پرکاشت کرتا ہے ۔ چندرا اور اگنی میں جو تیج ہے ۔ میرا
ہی پرکاش جان ۔ میں پرتھوی میں پرولشٹ ہو ۔ اپنی شکتی سے بھگتوں کو
دھارن کرتا ہوں ۔ رس سوروپ امرت ہو کر سب اوشدھیوں کو پشٹ کرتا
ہوں تتھا پرانیوں کے شریر میں استھت ویشوانر اگنی روپ ہو کر پران
اور اپان سے یکت ہوا بھکشیہ (روٹی آدی) اور پیئے (پیا جانے والا دودھ آدی)
لیہہ (چٹنی آدی) اور چوشیہ (اوکھ آدی) ان چار پرکار کے ان کو پچاتا ہوں ۔ میں ہی
انتریامی روپ سے پرانیوں کے ہردیے میں استھت ہوں ۔ میرے سے ہی
سمرتی، گیان اور آپوہن (وچار دوارا سنیم آدی دوشوں کا نراکرن) ہوتا
ہے ۔ سب ویدوں کا جاننے یوگیہ ویدانت گیان کا کرتا اور وید کا ویتا
بھی میں ہی ہوں ۔ ہے ارجن، اس سنسار میں دو پرش ہیں ۔ ایک
اکھشر و ناشی شریر اور دوسرا اُن میں نتیہ اَدیکاری جیو آتما ہے ۔ ان دونوں
میں سے اُتم ایک تیسرا ہے ۔ جس کو پرماتما کہتے ہیں ۔ یہ ایشور تینوں لوکوں

کا ادھیسٹھاتا بن کر اُن کا بھرن پوشن کرتا ہے میں جڑ ورگ سے سور تھا اتیت ہوں
ہی۔ ارتھات جیوآتما سے بھی اُتّم ہوں۔ اس لیے لوک اور وید میں پرشوتم نام
سے ہی پرسِدھ ہوں۔ جو گیانی پُرش اس پرکار کے تتو کو جانتا ہے وہ سب
پرکار سے مجھ واسُدیو پرمیشور کو ہی بھجتا ہے۔ ہے نِش پاپ ارجن! میں نے یہ
اتینت گوپنیہ شاستر تجھے بتایا ہے۔ اس کو تتو سے جان کر منشیہ گیان وان اور
کرتارتھ ہو جاتا ہے۔

اِتی شریمد بھگوت گیتا سوپ نشت سُو برہم ودیا یا یوگ شاشترے شری کرشن ارجن سنوادے
شاسترے پرشوتم یوگو نام پندرھواں ادھیائے سماپت ہوا

اتھ پندرھویں ادھیائے کا مہاتم

شری نارائن واچے ـــــ ہے لکشمی ؛ اُتر دیش میں نرسنگھ نام کا ایک راجہ راجیہ کرتا تھا، اسے اپنے سوبھگ نامک منتری پر بڑا بھروسہ تھا۔ کنتو اُس کے منتری کے من میں کپٹ تھا۔ ایک دن راجہ سویا ہوا تھا۔ تب اُس منتری نے اَوسر پاکر نوکروں سمیت راجہ کو مار کر آپ راجیہ کرنے لگا! مرنے کے پشچات منتری دھرم راج کی آگیا سے گھوڑا بنا۔ ایک گھوڑوں کا سوداگر اُسے خرید کر راجہ کے پاس لے گیا۔ جب گھوڑے نے راجہ کو دیکھ کر سر پھیرا تو راجہ نے پنڈتوں کو بُلا کر گھوڑے کے سر پھیرنے کا کارن پوچھا۔ پنڈتوں نے اُتر دیا مہاراج گھوڑے نے آپکے آگے سر نوایا ہے۔ راجہ اُن کے اُتر سے سنتشٹ نہ ہوا۔ کچھ دن بعد راجہ اُسی گھوڑے

پر سوار ہو کر وَن میں شکار کھیلنے گیا۔ پشوؤں کا آکھیٹ کرتے سمے جب اُسے پیاس لگی تو سامنے ایک اتیت کی کُٹیا دیکھ کر گھوڑے کو پیڑ کے ساتھ باندھ کر وہ جھونپڑی میں گیا۔ اُس سمے وہ آتیت اپنے پُتر کو گیتا کے پندرھویں ادھیائے کا پاٹھ پڑھا رہا تھا۔ اس نے ایک پیڑ کے پتے پر گیتا کا اشلوک لکھ کر دیا اور کہا، کھیلتے رہو اور اس اشلوک کو یاد کرتے رہو۔ وہ لڑکا جب کھیلتے کھیلتے گھوڑے کے پاس گیا تو اس پتے کو گھوڑے نے دیکھا۔ پتے پر نظر ڈالتے ہی اس نے وہ دیہہ تیاگ کر دیو دیہی پائی۔ راجہ نے جب گھوڑے کو مرا ہوا دیکھا تو اتیت سے گھوڑے کے مرنے کا کارن پوچھنے لگا۔ اتیت بولا ——— ہے راجن، میں نے گیتا کا اشلوک اپنے لڑکے کو یاد کرنے کو دیا تھا، اس اشلوک کو پڑھ کر یہ گھوڑا مر گیا ہے۔ ہے راجہ؛ تو پچھلے جنم میں راجا تھا یہ گھوڑا تیرا منتری تھا۔ یہ تجھے مار کر خود راجہ بن گیا تھا۔ اب گیتا کا اشلوک پڑھ کر اس کی مُکتی بھی۔ راجہ نے وِسمت ہو کر اتیت کو ڈنڈوت کیا اور گھر آ کر اپنے پُتر کو راجیہ دیکر سوئم وَن میں جا کر گیتا کے پندرھویں ادھیائے کا پاٹھ کرنے لگا اور پرم گتی کا ادھیکاری ہوا۔ ہے لکشمی؛ یہ تم نے پندرھویں ادھیائے کا مہاتم سُنا۔

اِتی شری پدم پُران نے ستی ایشور سمواد ے اُترا کھنڈ ے گیتا مہاتم نام پندرھواں ادھیائے سماپت ہوا



سولہواں ادھیائے [16]

دیوائسر سمپدا وبھاگ یوگ

اشلوک ۲۴

شری کرشن بھگوان بولے ـــــ اب میں تجھے دیوی آسری ،
سمپداؤں کے لکچھن بتاتا ہوں۔ سروتھا ابھیۃ کا بھاؤ، انتہ کرن کا نرمل
گیان ایوم کرم یوگ میں درڑھ استھتی، دان، اِندریے سنیم، یگیہ

سوادھیائے ، تپ ، سرلتا ، اہنسا ، ستیہ ، کرودھ کا ابھاؤ ، تیاگ بھاؤنا ، شانتی ، چغلی نہ کرنا ، پرانیوں پر دیا ، اتی لوبھ کا ابھاؤ ، کوملتا انکار یہ میں لجّا ، دیرتھ چیشٹھاؤں کا ابھاؤ ، تیج ، کھشما ، دھیریہ باہر ، بھیتر کی شدھی ، ابھیمان کا ابھاؤ یہ سب لکچھن دیوی سمپدا پراپت منشیہ میں پائے جاتے ہیں ۔ اور پاکھنڈ ، گھمنڈ ، ابھیمان ، کرودھ ، کرتا اور اگیان آسوری سمپدا پراپت پرشوں میں پائے جاتے ہیں ۔ دیوی سمپدا مکتی کا اور آسوری سمپدا بندھن کا کارن بنتی ہے ۔ تو چنتا مت کر ۔ تجھے دیوی سمپدا پراپت ہے ۔ دیوی سو بھاؤ تو وستار سے میں نے بتا ہی دیا ہے ۔ اب آسوری سمپدا اور آسوری سو بھاؤ کو میں وستار سے کہتا ہوں ۔ آسوری سو بھاؤ والے منشیہ کرتویہ کو نہیں جانتے ہیں ۔ وہ شدھ آچرن اور ستیہ بھاشن بھی نہیں جانتے ۔ یہ جگت کو آشریہ ہین ، سروتھا استیہ اور ایشور رہتا ، استری ، پرش کے سنیوگ سے اتپنن مانتے ہیں ۔

اس لئے اُن کی درشٹی میں یہ کیول بھوگ بھوگنے کے لئے ہے۔ اس پرکار متھیا
گیان میں پھنس کر یہ مُور کھ اپنا آپا کھو کر اُوگر کرما بن جاتے ہیں۔ اور سب
کا آہت کرنے والے جگت کا کیول ناش کرنے کے لئے ہی پیدا ہوتے ہیں۔ یہ منشیہ
پاکھنڈ، ابھی مان اور مد سے بھرے کبھی پُورن نہ ہونے والی کامناؤں کو باندھے، اگیان
سے جھوٹا سدھانت بنا کر بھرشٹا چار میں پرورت ہوتے ہیں۔ مرن پرینت وانت
چنتاؤں سے گھرے رہتے ہیں۔ وشیہ بھوگ سے اتی رکت آنند کی کلپنا بھی نہیں،
کر سکتے۔ سینکڑوں آشا جالوں میں بندھے، کام کرودھ سے ابھی بھوت کام بھوگوں
کے لئے انیائے سے دھن سنچیہ کی چیشٹھا کرتے ہیں۔ اُن کی وچار دھارائیں چلتی ہیں آج
مجھے یہ مِلا، اس میں یہ پراپت ہوگا۔ اتنا تو دھن ہے اتنا اور ہو جائے۔ میں نے
اُمک شترو کو مار دیا، دوسرے شتروؤں کو بھی ماروں گا، میں ایشور اور ایشوریہ
کا بھوگی ہوں، سدھیوں سے یکت بلوان اور سُکھی ہوں۔ بڑا دھنوان اور بڑے
کٹمبھ والا ہوں۔ میرے سمان کون ہے۔ میں یہ کروں گا، دان دوں گا اور پرسن

ہوؤں گا۔ اس پرکار کی بھرانتیوں میں چنچل چت، اگیان سے گھرے بھوگوں میں پھنس کر اشدھ من والا پرش نرک میں گرتا ہے۔ اپنے آپ کو شریشٹھ ماننے والے دھن کے ابھیمان میں چور، پاکھنڈ سے نام، ماتر کو یگ کرتے ہیں۔ اہنکار، بل، گھمنڈ کام اور کرودھ سے بھرے اپنے ایوم دوسرے کے شریر میں استھت مجھ انتریامی کے دویشی پاپاچاریوں کو میں بار بار، آسری یونیوں (شوکر، کوکر آدی) میں ہی اُتپنن کرتا ہوں یہ موڈھ پرش ہر جنم میں آسری یونی میں پیدا ہو کر ایشور تک نہ پہنچ کر نیچ گتی میں ہی پڑے رہتے ہیں۔ کام کرودھ، اور لوبھ یہ آتما کے وناشی تین دوار ہیں۔ اِن تینوں کو چھوڑنا چاہیئے۔

اِن تینوں سے چھُوٹا ہوا پُرش آتم کلیان کا آچرن کرتا ہے اور پھر شریشٹھ گتی کو پراپت ہوتا ہے۔ اور جو پُرش شاستر کو چھوڑ کر اپنی اِچھا سے برتتا ہے وہ نہ تو سِدّھی کو پراپت ہوتا ہے، نہ سُکھ کو، نہ پرم گتی کو اِس لئے مُجھے ارجن، کرتوّیہ اکرتویہ کا نرنیئے شاستر سے ہی کرنا۔ شاستر وِدھی سے نیت کرم ہی تجھے کرنا چاہیئے۔

اِتی شریمد بھگوت گیتا سونپشد سو برہم ودیا یوگ شاستر دیو اسُر سمپدا دبھاگ نام سولہواں ادھیائے سمپورن ہوا

اَتھ سولھویں ادھیائے کا مہاتم

شری نارائن واچ ______ ھے لکشمی سولھویں ادھیائے کا مہاتم
سنو ! سارے دیش میں ایک راجہ کا نام کھڑگ باہو تھا۔ وہ بڑا دھرماتما تھا۔ اُس
کے راج میں گھر گھر ٹھاکر جی کے مندر تھے۔ وہاں لوگ بڑے بڑے یگیہ کرتے تھے۔
جن گھروں میں سَورن جڑاؤ کھمبے جڑے ہوئے تھے ! راجہ بڑا ہری بھگت سنت سیوک
تھا۔ اس کی پرجا بھی اتی سُکھی تھی۔ راجہ بھی دیاوان سرو جیووں پر دَیا کرتا تھا۔ اُسکے
گھر بہت ہاتھی، گھوڑے، تتھا دھن بھی تھا۔ اُن ہاتھیوں میں ایک ہاتھی مست
تھا۔ جس کی دھوم مچی رہتی تھی۔ مہاوتوں کو پاس نہ آنے دیتا تھا۔ جو اس پر چڑھتا

اسے مار ڈالتا! ہاتھی کے پاؤں میں زنجیر ڈالے رہتے۔ جس کے کھید سے راجہ نے ودیش
سے مہاوت بلا کر کہا ـــــ کوئی ایسا ہے جو اس ہاتھی کو پکڑے اسے میں دھن
دوں گا۔ ہے لکشمی! اس ہاتھی کو کسی نے نہ پکڑا۔ نزدیک بھی کوئی نہ
جا سکتا تھا۔ پرنتو ہاتھی راجہ کے مندر کے آگے کھڑا رہتا۔ جدھر وہ جاتا لوگوں
کو بڑا دکھ دیتا۔ جو اس کے آگے آجاتا ترنت مار ڈالتا۔ ون میں جاتا وہاں کے
پشو پکھشیوں کو مار ڈالتا۔ نگر میں لوگوں کو مارتا۔ جہاں رہتا بڑا اُپدرو کرتا
راجہ سن کر چنتاوان رہتا۔ اس کا اُپائے کر کے راجہ ہار گیا، مگر ہاتھی
بس میں نہ آیا۔ راجہ کو بڑی چنتا رہنے لگی تھی۔ ایک دن ہاتھی نگر کے اندر چلا
گیا۔ سامنے ایک سادھو آرہا تھا! لوگوں نے اس سادھو سے کہا ـــــ
ہے سنت جی؛ یہ ہاتھی آپ کو مار ڈالے گا۔ سنت جی نے کہا ـــــ دیکھو تو
نارائن جی کی کیسی شکتی ہے، ہاتھی کی کیا شکتی ہے؟ جو مجھے مارے۔ میرے تو پاس
بھی نہیں آسکتا۔ نگر واسیوں نے کہا وہ پشو تمہارے بھجن کو کیا جانے؟

یہ تمہیں مارے گا۔ سادھو نے کہا —— وے کیا مارے گا ؟ میں پرمیشور کا پیارا ہوں ۔ ہری بھگت ہوں ۔ جو پرمیشور سے وِمکھ ہیں تِن کو مارتا ہے۔ اور یہ بھی میرا ایک گیان ہے جو کہ میری مرتیو اسی سے ہے تو اَوشیہ مروں گا بن آئی سے کوئی نہیں مرتا۔ ہاتھی سادھو کے پاس پہنچا۔ سادھو نے نیتر پسار کر دیکھا۔ ہاتھی نے سونڈ کے ہاتھ سے چرن وَندنا کی اور اسی استھان پر کھڑا رہا۔ تب سادھو نے کہا —— ہے گجیندر ؛ میں تجھ کو جانتا ہوں تو پچھلے جنم میں پاپی تھا۔ میں تیرا اُدھار کروں گا۔ چنتا مت کر۔ ہاتھی برابر چرن چھوتا رہا اور ماتھا نواتا رہا۔ لوگوں نے راجہ کو اس کی خبر کی۔ راجہ بھی وہاں آیا تو دیکھا ہاتھی سادھو کے آگے کھڑا ہے۔ تب سادھو نے کہا —— ارے گجیندر ! تو آگے آ۔ اُس گیتا پاٹھی سنت نے کمنڈل سے جل لے کر مُکھ سے کہا —— "گیتا کے سولھویں ادھیائے کے پاٹھ کا پھل اس ہاتھی کو دیا" اتنا کہہ کر جل چھڑکا۔ جل کے چھڑکتے ہی ہاتھی نے وہ دیہہ چھوڑ، دیو۔ دیہی پائی۔ پھر وِمان پر بیٹھ کر راجہ کے سَن مُکھ ہو کر کہا —— ہے راجہ ؛

میں تم کو دھرمگیہ جان تیرے نگر میں رہتا تھا۔ کہ کوئی سنت مُنی یہاں آوے گا۔
تب تیری گتی کرے گا۔ اس کے پرتاپ سے میری سدگتی ہوئی۔ یہ کہہ کر ہاتھی بیکنٹھ
کو گیا۔ راجہ نے ڈنڈوت (پرنام) کی اور پوچھا ـــــ سنت جی، آپ نے کیا منتر
کہا جس سے اس ادھم دُکھدا ایک کو سدیونی پراپت ہوئی؟ سنت نے کہا ـــ
میں نے گیتا کے سولھویں ادھیائے کا پھل دیا ہے۔ میں نتیہ ہی پاٹھ کیا کرتا ہوں۔
راجہ نے پوچھا ـــــ ہاتھی پچھلے جنم میں کون تھا؟ سادھو نے کہا ـــــ ہے راجہ
یہ پچھلے جنم میں ایک اتیت بالک تھا۔! گرو نے بہت ودّھیا پڑھائی، بڑا پنڈت
ہوا۔ وہ اتیت تیرتھ یاترا کو گیا۔ پیچھے اس کی شوبھا بہت بڑھ گئی اچھے اچھے ستسنگی
اُس کے درشن کو آتے۔ بارہ برش پیچھے گرو جی آئے۔ اس نے سوچا کہ
اگر وہ گورو کے آدر کو اٹھتا ہے تو اُس کی شوبھا گھٹے گی۔ یہ سوچ کر نیتر بند کر
کے چپ ہو رہا۔ گرو جی نے دیکھا، مجھے دیکھ کر اس نے آنکھیں بند کر لی ہیں۔ یہ دیکھ
کر انہوں نے شراپ دیدیا ـــــ رے مندمتی؛ تو اندھا ہوا ہے جو مجھے دیکھ کر

سر نہیں نوایا اور نہ اشٹ ڈنڈوت ہی کی ہے۔ تو نے اپنی پربھوتا کا ابھی مان کیا ہے۔ سو تو ہاتھی کی یونی پاوے گا۔ یہ سُن کر اتیت بولا ـــــــ "گروجی آپ کا وچن ستیہ ہووے گا! پر یہ کہو اب میرا اُدّھار کیسے ہو گا؟ گروجی کو دیا آئی، کہا ـــــ جو کوئی گیتا کے سولہویں ادھیائے کے پاٹھ کا پھل سنکلپ کر تجھے دے گا، تو تیرا ادھار ہو گا یہ سن کر راجہ نے بھی پاٹھ سیکھا اور اپنے پُتر کو راج دیکر آپ تپ کرنے لگا۔ وے بن میں جا کر سولہویں ادھیائے کا پاٹھ نِتیہ کرتا۔ سمے پائے راجہ سدگتی کو پراپت ہوا۔ شری نارائن جی کہتے ہیں ـــــ ہے لکشمی! میں نے یہ سولہویں ادھیائے کا مہاتم سنایا ہے۔ جو کہ تم نے شروَن کیا ہے۔


سولہویں ادھیائے کا مہاتم سماپت ہوا

شریمد بھگوت گیتا

سترھواں ادھیائے

شردھاتریہ وبھاگ یوگ

اشلوک ۱ ، ۳۸



بھگوان جی کے وچن سُن کر ارجن بولا ـــــ ہے شری کرشن جی ، جو شاستر ودھی کو چھوڑ کر کیول شردھا سے یُکت ہوئے دیو آدی کوں کا پوجن کرتے ہیں۔ اُن کی استھتی پھر کونسی ہے۔ ساتوکی ، راجسی یا تامسی ؟ اس پر کارارجن

کے پوچھنے پر شری کرشن بھگوان بولے ___ ہے ارجن! شاستر سنسکار رہت
سوبھاؤک شردھا ساتوک، راجسی اور تامسی تین پرکار کی ہوتی ہے۔ منشیوں
کی یہ شردھا اُن کے انتھہ کرن کے انورُوپ ہوتی ہے۔ یہ منشیہ شردھامئے ہے۔
اس لئے منشیہ جیسی شردھا والا ہے وہ سوئم بھی ویسا ہی ہے۔ ساتوک پُرش
دیوتاؤں کی راجسی یگیہ، راکھشسوں کی تامسی جن پریت الوم بھُوت گنوں
کی پوجا کرتے ہیں۔ دمبھہ، اہنکار، کامنا، آسکتی اور بل کے ابھیمان سے یُکت
جو لوگ ان اشاشریہ گھور تپ کرتے ہیں وے شریرستھ بھوت سمودائے
(من اندری یادی) کو اور انتھہ کرن میں استھت مجھ انتریامی کو بھی کرش کرنے
والے ہیں۔ وے آسُری سوبھاؤ کے ہیں۔ بھوجن بھی اور یگیہ، تپ تتھا دان
بھی ساتوک، راجس اور تامس تین پرکار کے ہیں۔ سوسُن! ساتوک
منشیہ کو آیو، بُدھی بل، سواستھیہ، سُکھہ اور پریتی، بڑھانے والے رَسیلے
چکنے، شریر میں دیر تک ستھر رہنے والے، سوبھاؤ سے ہی من کو پیارے لگنے

والے بھوجن اچھے لگتے ہیں۔ راجس منشیہ کو کڑوے کھٹے، نمکین، اتی گرم، فو کے رُو کھے، داہ کارک، دکھ چنتا اور روگ کے کارک آہار پیارے لگتے ہیں! تامس منشیہ ادھ پکے، رُس، رہت، سڑے گلے، باسی، جھوٹے، اپ وِتر، بھوجنوں کو پسند کرتا ہے۔ یُگوں میں جو پھل کی آشا چھوڑ کر یُگیہ کرتا ہے، یہ سمجھ کر وِدھی پُورَوک کیا جاتا ہے وہ ساتوِک یگیہ ہے۔ جو یگیہ پھل اکالکشا یا دمبھاچرن کے لئے کیا جاتا ہے وہ راجس ہے۔ اور جو یگیہ ساشتر ودھی سے ہین، ان دان سے رہت منتر اور دکشنا کے بنا، شردھا ہین کیا جاتا ہے۔ وہ تامس یگیہ کہلاتا ہے۔ ھے ارجن! تپ تین پرکار کے ہوتے ہیں۔ شاریرک، واچک اور مانسِک، دیوتا، براہمن، گو رو یوایم گیانی پرشوں کی سیوا پوترتا، سرلتا برہمچریہ، اور اہنسا، شاریرک تپ ہیں۔ سوبھہ اتیپن نہ کرنے والا پریہ الوم ہتکارک یتھارتھ بھاشن اور سوادھیائے الوم نام جپنے کا ابھیاس یہ راجس تپ ہے، من کی پرسنتا، شانت بھاوَ، وانی کا نگرہ، انتہ کرن

کا سنیم ، چِتّت کی پوترتا یہ مانِک تپ ہے ۔ اِن تینوں پرکار کے تپوں
کو نِشکام بھاؤنا سے شردھا پوروک کرنا ساتوِک تپ ہے اور اِن ہی
کو ساکار مان اور پوجا کے لئے اتھوا کیول پاکھنڈ سے کرنا راجس ہے ۔ اِس
کا پھل شرک اور انشچِت ہے ۔ جو تپ موڑھتا وہٹ سے اپنے آپ
کو ستا کر اتھوا دوسروں کا ناش کرنے کے نِمتت کیا جاتا ہے وہ تامس ہے ۔
دان دینا ہی کرتویہ ہے ۔ ایسے بھاؤ سے اُپکار نہ کرنے والوں کو بھی دیش کال
اور پاتر کا وچار کرتے ہوئے جو دِیا جاتا ہے وہ دان ساتوِک ہے ۔ دیش،
کال اور دان گرہتا کے آبھاؤ کو دیکھ ، پاتر کا وچار کرتے ہوئے پرتیوپکار
کے لئے اتھوا پھل کی آکانکشا سے کلیش پوروک دیا گیا دان راجس ہے ۔
دیش کال اور پاتر کو نہ دیکھ کر ستکار رہت اتھوا ترسکار پُوروک جو
دان دیا جاتا ہے ، وہ تامس دان کہلاتا ہے ۔ ہے ارجن ! پرماتما کو اوم تت
ست یہ تین نام بتائے ہیں ! اُسی نے شرشٹی کے آرمبھ میں یگیہ ، وید

اور ان کے کرنے والے براہمنوں کو رچا ہے۔ اس لئے ایشور وادی آستک
جن یگیہ دان اور تپ کی کریاؤں کے آرمبھ میں "اوم" پرماتما
کے اس نام کا اُچارن کر کے ہی کرتے ہیں۔ موکھش کو چاہنے
والے پرُش پھل کا اُددیشیہ نہ رکھتے ہوئے، میرے کئے
سے ایشور پرسنن ہوں، اُس کے لئے ہی یہ ہے، ایسا
سمجھ کر یگیہ، دان اور تپ کرتے ہیں ست شبد کا پرلوگ
ود مانتا، سادھوتا تتھا مانگ لکتا میں کیا جاتا ہے۔ یگیہ،
تپ اور دان میں اُتم کرم ہونے سے ست کہے ہیں۔ یگیہ،
دان اور تپ کے لئے کیا گیا کرم بھی نشچیہ سے ستیہ ہے
ہے ارجن؛ ایشوراگیا دوارا ودِت یگیہ، دان اور تپ بھی
یدی شردھا سے نہ کیا جائے تو وہ سب اُست ہوتا ہے
اُس کا نہ تو اس لوک میں پھل ہوتا ہے۔ نہ پرلوک میں

ہی ۔ اس لئے منشیہ کو چاہیئے کہ سدا انند دھن ایشور کے نام کا نرنتر چنتن کرتا ہوا نشکام بھاؤ سے کیول پرمیشور کے لئے شاستر ودھی سے نیّت کرموں کو پرم شردھا اور اُتساہ سے کیا کرے!

اِتی شرمید بھگوت گیتا سوپ نشتو برہم ودیایاں یوگ شاشترے شری کرشن ارجن سمواد ے سردھاترا دھاگ یوگو نام سپت دشوادھیائے سمایت۔

اَتھ سترھویں ادھیائے کا مہاتم


شری نارائن واچے ـــــــ ہے لکشمی ؛ اب سترھویں ادھیائے کا مہاتم سنو!
مدھیہ لوک نامک دیش میں دوشاسن کام کا راجہ تھا۔ ایک راجہ کسی اور دیش کا تھا انہوں نے آپس میں شرط باندھی کہ ہاتھی لڑائیں اور کہا کہ جس کا ہاتھی جیتے اُنک دھن لیوے۔ تب دوسرے راجہ کا ہاتھی جیتا۔ دوشاسن کا ہاتھی ہارا۔ کچھ دن پیچھے وہ ہاتھی مرگیا۔ راجہ کو بڑی چنتا ہوئی کہ ایک تو درویہ گیا، دوسرے ہاتھی مرا۔ تیسرے لوگوں میں ہنسی ہوئی اس سے نِندا چلی۔ اس چنتا میں راجہ بھی مرگیا۔ یم دوت پکڑ کر دھرم راج کے پاس لے

گئے۔ دھرم راج نے آگیا دی کہ یہ ہاتھی کے موہ میں مرا ہے۔ اِس کو ہاتھی کی یونی دو۔ ہے لکشمی! راجہ دُوشاشن سنگلدیپ میں جاکر ہاتھی ہوا۔ وہاں اُس راجہ کے بہت ہاتھی تھے جن میں وہ بھی آیا۔ اُسے پچھلے جنم کی خبر نہ تھی من میں بارم بار یہی پچھتاتا کہ میں کون تھا جو ہاتھی ہوا ہوں بہت رُودن کرتا، کھاتا پیتا کچھ نہیں۔ اتنے میں ایک براہمن آیا۔ اس راجہ کو ایک اشلوک سنایا راجہ نے خوشی میں کہا، ہے پنڈت جی کچھ مانگو۔ اس نے کہا، میرے پاس سب کچھ ہے۔ ایک ہاتھی نہیں ہے۔ راجہ نے سُن کر وہی ہاتھی اس کو دیا۔ براہمن اپنے گھر لے آیا۔ رات کو دانا دیا۔ اس نے نہیں کھایا، پانی بھی نہیں پیا۔ رُودن کرتا من میں چنتوے کوئی ایسا ہووے جو مجھے اس یونی سے چھڑاوے۔ تب اُس براہمن نے مہاوت کو بُلایا، پوچھا کہ اس کو کیا دُکھ ہے؟ کھاتا پیتا کچھ نہیں۔ تب مہاوت نے کہا۔ اس کو کچھ دُکھ نہیں۔ تب براہمن نے راجہ سے کہا۔ ہاتھی کھاتا کچھ نہیں۔ کھڑا رودن کرتا ہے۔ یہ خبر سُن کر راجہ خود دیکھنے کو آیا۔ تب راجہ نے بھلے وَید اور مہاوت بُلائے اور سب کو ہاتھی دکھایا! انہوں نے کہا ـــــ راجہ جی اِس کو مان سِک دُکھ ہے۔ دیہہ کا کوئی دُکھ نہیں۔ تب راجہ نے کہا، ہاتھی

تو ہی بول کر کہہ ، تجھے کیا دکھ ہے ؟ پرمیشور کی شکتی سے منشیوں کی بھاشا میں ہاتھی نے کہا ــــــ ہے راجن ؛ تو بڑا دھرمگیہ ہے ۔ یہ براہمن بھی بُڈھی مان ہے اس کے گھر کا انن سو کھاوے جو بڑا دھرماتما ہو ، مجھ کو کب ملے ! تب برہمن نے کہا ــــــ ہے راجہ ؛ اپنا ہاتھی پھیر لے ۔ راجہ نے کہا ــــــ میں دان دیا ہوا نہیں پھیرتا ، یہ چاہے مرے یا جیوے ! تب ہاتھی نے کہا ــــــ سنت جی ؛ تو مت کلپنا کر ! تیرے گھر میں کوئی گیتا ، کی پُستک ہو تو مجھ کو گیتا کے سترھویں ادھیائے کا پاٹھ سنا ۔ تب اُس براہمن نے ایسا ہی کیا ۔ ہے لکشمی ؛ سترھویں ، ادھیائے کے سُنتے ہی تت کال ہاتھی کا شریر چھوٹا ۔ آکاش سے وماں آئے اور وہ دیو دیہی پا کر وماں پر چڑھ کر راجہ کے سامنے آ کھڑا ہوا ۔ راجہ کی استوتی کری ۔ ہے راجن ؛ تو دھنیہ ہے ، تیری کرپا سے میں اس اَدھم دیہہ سے چھوٹا ۔ راجہ کو اپنی پچھلی کتھا سنائی ــــــ ہے راجن ؛ میں پچھلے جنم میں راجہ تھا ۔ میں نے ، ہاتھی لڑائے تھے ، میرا ہاتھی مرگیا ۔ میں اُسی چنتا میں مرگیا ۔ دھرم راج کی آگیا

سے میں نے ہاتھی کا جنم پایا۔ میں نے پرارتھنا کری۔ میرا چھٹکارا کہو کب ہوگا؟ دھرم راج نے کہا تھا۔ کہ گیتا کے سترھویں ادھیائے کے سننے سے تیری مکتی ہووے گی۔ سو تیری اور پنڈت جی کی کرپا ہوئی، میں بیکنٹھ کو جاتا ہوں۔ ہاتھی دیو دیہی پاکر بیکنٹھ کو گیا۔ راجہ اپنے گھر کو گیا۔ شری نارائن جی کہتے ہیں، ہے لکشمی؛ یہ سترھویں ادھیائے کا مہاتمیہ ہے، جو تم نے سنا ہے۔

اِتی شری پدم پورانے ستی ایشر سمبادے اتراکھنڈے گیتا مہاتم نام سترھواں ادھیائے سماپت



اٹھارہواں ادھیائے

موکھش سنیاس یوگ

۷۸ اشلوک

اِس کے پشچات ارجن نے کہا ——— ہے مہا باہو شری کرشن جی!
میں سنیاس اور تیاگ کے یتھارتھ رُوپ کو جاننا چاہتا ہوں۔ اُن کو آپ
مجھے سمجھایئے۔ یہ دونوں شبد ایک ہی ارتھ کے واچک ہیں یا پرتھک

پرتھک ارتھوں کے ؟ یدی پرتھک، پرتھک ارتھوں کے واچک ہیں.
تو وے کیا کیا ہیں ؟ ارجن کے اس پرشن کے اُتّر میں شری بھگوان
نے کہا ــــــ وید کے ودوان اس لوک اتھوا پرلوک کی کامناؤں
پشو، دھن دھانیہ اتھوا سورگ آدی کے لئے کِیہت اگنی ہوتر درش
پورن ماس آدی کرموں کے چھوڑنے کا نام سنیاس بتاتے ہیں اور بدھی مان
پرش نتیہ نیمتک سب پرکار کے کرموں سے ایشور کی بھگتی، دیوتاؤں
کا پوجن، ماتا، پتا، آدی گروجنوں کی سیوا، یگ، دان، تپ درن آشرم،
دھرم، آدی سب کرتویہ کاریوں میں اس لوک یا پرلوک کی سمپورن کامناؤں
کے تیاگ کو تیاگ کہتے ہیں۔ کئی وِدوانوں کا یہ مت ہے کہ نِتیہ نیمتک
سب ہی کرموں میں ہنسا دی دوش لگتا ہے۔ اتیو ے سب ہی کرم چھوڑنے
چاہئیں۔ دوسرے یہ کہتے ہیں کہ یگ، دان اور تپ کرم تو کرنے ہی چاہئیں۔
اِن بھِنن متوں میں میرا تو یہ نشچیہ ہے، سنو ؛ تیاگ تین پرکار کے ہیں۔

ساتوِک، راجس اور تامس ؛ یگیہ ، دان اور تپ اِس کا تیاگ نہیں نہیں کرنا چاہیئے ! کارن کی یہ تینوں منشیوں کے چِت کو شُدھ کرنے کے، سادھن ہیں۔ پرنتو اِن کرموں کو آسکتی اور پھل کی آکانکشا چھوڑ کر کرنا چاہیئے یہ میرا نشچیت مت ہے۔ جو آوشیہ کرنیہ نِتیہ کرم ہیں اُن کا تیاگ کبھی بھی اُچت نہیں ہے۔ اگیان سے کیا گیا ان کا تیاگ تامس تیاگ کہلائے گا اور یدی کرم کو کشٹ کر مانتے ہوئے شریر کو لگے گا اس آشنکا سے چھوڑ دیا جائے تو یہ تیاگ راجس تیاگ ہے۔ راجس تیاگ والے کو بھی تیاگ کا پھل نہیں مِلتا۔ کرم کرنا کرتویہ ہے ایسا مان کر یدی نتیہ کرم کیا جائے پرنتو اس میں آسکتی نہ ہو۔ نہ پھل کی آکانکشا ہو تو یہ پھل سے تیاگ کرنے والا آتم نِشٹ، میدھاوی، سنشیہ، رہت پُرش شریر کو کشٹ دینے والے کٹھن کرتویہ کرم سے گھبراتا نہیں اور سُکھکر کرتویہ کرم میں آسکت نہیں ہوتا۔ جو بھی کرتویہ کرم ہے وہ

چاہیے سُکھ کر ہو اتھوا دُکھکر ایک ماتر کرتویہ بُدھی سے اُسے یتھاوِدی شم پنن کرتا ہے۔ کارن یہ ہے کہ کوئی شریر دھاری سروتھا کرموں کو چھوڑ نہیں سکتا۔ ہاں، جو منشیہ کرتویہ کرموں کے پھلوں کی، آکانکشا کو چھوڑ کر اُن کرتویہ کرموں کو کرتا ہے۔ وہ تیاگی ہی ہے۔ کرموں کے پھل تین پرکار کے ہوتے ہیں۔ پریہ، اُپریہ اور مِشرت جو لوگ پھل تیاگی نہیں ہیں۔ انہیں اِس جنم اتھوا دوسرے جنم میں اپنے کرموں کا اچھا بُرا یا مِشرت پھل بھوگنا ہی ہوتا ہے۔ پرنتو تیاگیوں کو یہ پھل نہیں بھوگنے پڑتے۔ کرم اپنے پھل کو کیسے اُتپن نہیں کرتے، اِسے سمجھانے کے لئے شری کرشن بھگوان نے بتایا ہے کہ کوئی بھی لوک یا ویدک کرم ہو، اس کو سمپنن کرنے کے لئے پانچ کارن، سانکھیہ شاستر میں بتائے ہیں: ادھشٹھان ارتھات شریر کرتا، جیو آتما ہست، پاد، چکشو، سروت، من آدی، اندریہ کرن، نانا، چیشٹھائیں

اور کرت پُنیہ پاپ کے سنسکار (دیو) منشیہ شریر اندر یہ آدی سے جو بھی کرم وہ شاستروِہت ہو یا شاستر وِرودھ، آرمبھ کرتا ہے۔ اُس کی سمپورتا میں یہ پانچ سادھک ہیں۔ جب یہ بات ہے تو جو اُن کرُڑھ پرُش ایک ماتر جیئو آتما کو ہی کرتا مانتا ہے، وہ دُرمتی دیکھتا ہوا بھی نہیں دیکھتا۔ جس منشیہ میں کرتاپن کا ابھیمان نہیں ہے، جو کرتو یہ کرم کا نروِاہ کرنے کے سمے اُس کام میں لیت نہیں ہوتا، وہ چاہے سب لوگوں کو مار بھی ڈالے تب بھی وہ جیئو نہیں مرتا، کھشتریہ کے لئے یُدھ کرنا وید رہت کرم ہے۔ یُدھ کے سمے کرتویہ بُدھی سے مارنا، مارنا نہیں کہلاتا۔ ہے ارجن؛ وستوؤں کے یتھارتھ گیان (یہ ایشٹ ہے اتھوا انشٹ آدی) گیا تو یہ وستو اور گیاتا، بھوگتا جیئو آتما یہ تین تو کرم میں پرورت کے کارن ہیں اور سو یُم کرم اُس کو نشپھل کرنے کے سادھن من تتھا اندریاں اور کارن (من، وانی، ہست، پاد، آدی) اندریوں

کا پریوگ کرنے والا جیوآتما کرتا ——— یہ تین لوکک کرموں کے آشریہ
ہیں۔ پھر گیان کرم اور گن بھید سے پرتیک تین پرکار کے ہیں۔
ان میں ساتوک گیان وہ ہے جب کہ ان نانا روپ (و بھگت) پدارتھوں
(پرانی، اپرانی) میں مالا کے نانا منیوں کو جوڑنے والے ایک دھاگے کی بھانتی
ابھنّ ایک اوی ناشی شُدھتا کو جان جاتا ہے۔ اس کے وپریت سب
پدارتھوں کو بھنّ بھنّ روپ میں جاننا راجس گیان ہے اور کاریہ روپا
شریر پرتی ما آدی کو ہی سب کچھ جان کر اس میں آسکت رہنا یکتی وِرُدھ
یتھارتھ اور نکرشٹ گیان تامس گیان کہلاتا ہے۔ اسی پرکار ہے ارجن! جو کرم پرکرتی
اور شاستر سے نیت ہے۔ جس کا نتیجہ انوشٹھان اوشیک ہے۔ آسکتی سے
رہت ہے، راگ دویش کو چھوڑ کر کیا گیا ہے۔ پھل کی آکانکشا بھی جس کی
پرکرتی کا ہیتو نہیں ہے وہ کرم ساتوک ہے اور پھل اچھا اور کشٹ دہ
ابھیمان سے کیا گیا، پریتن سادھیہ کرم راجس کرم اور جو کرم اس کے

پرینام، ہانی، پرانی پیڑا اور اپنی سامرتھ کا وچار کئے بنا، وویک کے بنا ہی آرمبھ کر دیا جاتا ہے وہ کرم تامس ہے پھر کرتا وہ ساتیوک ہے جو، آسکت کو چھوڑ کر کرم کرتا ہے۔ کرم پھل کو بھوگتا میں ہوں۔ ایسے، اہنکاری وچن نہیں بولتا۔ دھیر اور اُتساہی ہے تتھا کرم کی سپھلتا اور اسپھلتا دونوں میں جس کا چت وِکرت نہیں ہوتا۔ جس کرتا کو اپنے کرم میں آسکتی ہے اس کے پھل کی اِچھا سے کرم میں پرورت ہوا ہے، لوبھ ہے، اس کے لئے ہنسا، اہنسا، شُدھ، اشُدھ کی پرواہ نہیں کرتا اور کرم سِدھی سے جیسے ہرش اور اسپھلتا میں جیسے شوک ہوتا ہے۔ وہ کرتا راجس ہے۔ جو کرتا اوِے واستھت، شکھشا رہت گھمنڈی، دھورت، دوسروں کا اپمان کرنے والا، آلسی، کرموں کو دیری تک چھوڑ کر رکھنے والا ہے۔ وہ کرتا تامس کہلاتا ہے۔ ہے ارجن، اب میں بُدھی اور دِھرتی (دھارنا شکتی) کے تین پرکار

جو ساتوِک آدی گنوں سے یکت ہیں انھیں وستار سے بتاتا ہوں۔ سُن !
جب بُدھی شاستر سے دہت اور نشِدھ ہونے سے بھیئہ جنک اور کرتویہ
ہونے سے بھیئہ رہت، بندھن ہیتو اور موکھش سادھن رُوپ کرم کو
پہچانتی ہے۔ تب وہ ساتوِک ہوتی ہے اور جس بُدھی سے دھرم، ادھرم
کرتویہ، اکرتویہ کے گیان کا سندھیہ بنا رہتا ہے وہ بُدھی راجس ہے اور
جس بُدھی سے ادھرم کو دھرم اتیادی سب پدارتھوں کا وپرت گیان
ہوتا ہے۔ وہ بُدھی تامسی بُدھی ہے۔ جس دھارنا شکتی سے منشیہ اپنے من،
پران اور اندریوں کو وش میں رکھتا ہے۔ انھیں نِشکام کرم یوگ میں
لگاتا ہے، وہ دھارنا شکتی ساتوِک ہے، اور جس دھارنا شکتی دوارا
منشیہ دھرم، کام اور ارتھ کی اچھا سے کرم کرتا ہے وہ راجسی ہے جس
دھارنا شکتی کے کارن دُشٹ بُدھی منشیہ نِدرا، بھیئہ، چنتا، دُکھ اور اُنماد
میں گھرا رہتا ہے وہ دھارنا شکتی تامسی ہے۔ اسی پرکار دکھ بھی تین پرکار

کا ہے ۔ جس سکھ میں سادھک ابھیاس میں مگن رہتا ہے اور دُکھوں کا ناش ہو جاتا ہے ۔ پرارمبھ میں بھلے ہی وش کی بھانتی اگراہ پرتیت ہوتا ہے ۔ پرنتو پرینام امرت سا لگتا ہے ۔ آتم گیان کی پرسنتا سے اتپنن ہوا ، ایسا سُکھ ساتوک سُکھ ہے اور جو سُکھ وشیوں کے ساتھ اندریوں کا سینوگ ہونے پر پرارمبھ میں امرت کے سمان میٹھا ، پرنتو پرینام میں وِش کی بھانتی کٹو پرتیت ہوتا ہے وہ سُکھ راجس ہے ۔ جو سُکھ پرارمبھ اور انت دونوں میں ہی بھرانتی میں ڈالے رکھتا ہے نِدرا ، آلسیہ اور پرماد سے اتپنن ہو وہ سُکھ تامس سُکھ ہے ۔ ہے ارجن ؛ پرتھوی ، آکاش اور اُن کے بھی پرے دیو لوکوں میں کوئی ایسی وستو نہیں ، جو اِن تین گنوں سے مُکت ہو ! ہے ارجن ؛ براہمن ، چھتریہ ، ویشیہ اور شودروں کے کرم سوبھاؤ سے اُتپنن گنوں کے کارن ہی بانٹیں ہیں ۔ سَو بھاؤ پورو کرت کرموں کے سنسکار سے بنتا ہے ۔ براہمن کے سَوبھاوِک کرم ہیں ۔ انتہ کرن کا نگرہیہ اندریوں

کا دمن، باہر بھیتر شدّھی سہن شیلتا، سرلتا، آستِک بُدّھی، گیان اور پرماتم تتّو کا انوبھو! کھشتریہ کا سوبھاوک دھرم ہے، شُور تا تیج، دھیرتا، چترتا، سنگھرش، یُدھ سے نہ بھاگنے کا سوبھاؤ، دان سوامی بھاؤ! کھیتی، گوپالن، کریہ، وکریہ، لین دین آدی ویوسائے ویشیہ کے سوبھاوک دھرم ہیں۔ شُودر کا سوبھاوِک دھرم سب ورنوں کی سیوا کرنا ہے۔ سوبھاؤ کے انوسار اپنے کرم کرنے والا منشیہ اس میں سپھلتا کو پراپت ہوتا ہے۔ ایسا منشیہ سِدّھی کو پراپت ہوتا ہے، کیسے؟ سو سُنو! ہے ارجن، جس پرماتما سے سب بھوتوں کی اُتپتی ہوئی ہے، جس سے یہ سب جگت ویاپت ہے اُس پرماتما کو اپنے سوبھاوِک دھرم دوارا پُوجن کر منشیہ پرم سِدّھی کو پراپت کر لیتا ہے۔ اس لئے اچھی پرکار سُویدھا پُوروک آچرن کئے ہوئے دوسرے کے دھرم (سوبھاؤ کے وِپریت آچرِت کرم) سے سوبھاؤ انوساری

دھرم شریشٹھ ہے۔ سوبھاؤ نیت کرم کو کرنے والا کبھی پاپ کا بھاگی نہیں بنتا۔ ہنس آدی دوش کے بھئے سے اپنے سوبھاؤ انوسار کرم کو نہیں چھوڑنا چاہیئے۔ اگنی جیسے دھوئیں میں لپٹی رہتی ہے ویسے ہی کرم سبھی پرکار کے دوشوں سے مڑھے ہیں۔ پرنتو اس کارن سے کسی کرم کو چھوڑا نہیں جا سکتا۔ ہاں، سب ہی کرموں میں آسکت سے رہت ہو کر سمر دھا چھوڑ کر سواتنتیہ کرن کو اپنے وش میں رکھ کر کرم کرنے والا پرش کرم پھل تیاگ دوار انشکام سدّھی کو پراپت کر لیتا ہے۔ منشیہ ہی سچدانند دھن پرماتما کو پراپت کرتا ہے۔ سو کیسے؟ سُن! انشکام سدّھی کو پراپت منشیہ وِشُدھ بدّھی والا دھارنا شکتی سے اپنے من آدی کو وش میں کئے ہوئے شبد آدی وِشیئے اور راگ دوش سب کو چھوڑ کر ایکانت سیوی میتاہاری، دھیان یوگی، درڑھ ویراگی، اہنکار، بل، گھمنڈ، کام

کرودھ اور سنگرہ کو چھوڑے ہوئے ممتا رہت، شانت، انتہ کرن پُرش برہم میں ایکی بھاؤ کے یوگیہ ہوتا ہے۔ برہم میں ایکی بھوت پرسنّ چِتّ کرن پُرش کو نہ شوک ستاتا ہے نہ اچھائیں! وہ سب میں سمتا بُدھی سے یُکت ہوتا ہے اور میری سرووتکرشٹ بھکتی کا پاتر ہوتا ہے۔ بھکت سے میرے پرنام اور سوروپ کو یتھارتھ جان کر تت پشچات مجھ (ایشور) میں لین ہوتا ہے۔ مجھ پر آشرت بھکت سب کرموں کو کرتا ہوا بھی گیان پرتی رُوپ میری پرسنتا کا کارن آوی ناشی استھت کو پراپت ہوتا ہے۔ ادھیاتمک چِت سے سب کرموں کو مجھ (ایشور) میں استھاپت کر، سمتوّ بُدھی رُوپ یوگ کا آشریہ لے کر نرنتر مجھ میں لین رہے! مجھ میں چِت دینے سے سب سنکٹوں سے انایاس ہی تر جائے گا۔ یدی اہنکار کے کارن تو ادھر دھیان نہیں دے گا تو نشچیہ ہی مارگ سے بھرشٹ ہو جائے گا۔ یدی اہنکار کے کارن تو ایسا من میں کہے کہ میں

یُدھ نہیں کروں تو یہ نشچیہ متھیا ہے ! کیونکہ چھتریہ پن کا پربھاؤ تجھ کو بلات
یُدھ میں لگا دے گا۔ ہے اُرجن ، اپنے سوبھاؤ اتپنن کرم سے باندھا ہوا تو
یُدی اگیان سے اپنے سوبھاوِک کرم اس یُدھادی کو بھی نہیں کرنا ،
چاہتا تو بھی وِیوشتا سے تمہیں وہ کرنا ہی ہوگا۔ ہے ارجن ، پرکرتی اور
اُس کے کاریوں کا نیامک سوامی پرمیشور سوترادی ینتر دوارا جیسے ،
کٹھ پُتلی والا کٹھ پتلیوں کو نچاتا ہے ویسے ہی شریرادھشٹھت پرانیوں
کو اپنی ستو۔ رج۔ تموسئی پرکرتی سے نچاتا ہوا سب کے انتہہ کرن
میں انتریامی رُوپ سے استھت ہے۔ ہے بھارت ونشی ، اُسی ایشور کی
اننیہ شرن میں پہنچو ، اس کی مہان پرسنتا سے سروت کرشٹ شانتی پراپت
ہوگی ؛ گیتا شاستر کا اُپ سنہار کرتے ہوئے بھگوان شری کرشن نے انت
میں کہا ـــــ ہے ارجن ، میں نے تجھے گوپنیہ سے بھی اتی گوپنیہ وہ رہسیہ
یکت گیان بھلی بھانتی سمجھایا ہے۔ اب جیسی تیری اِچھا ہو ، ویسا کر !

اتنا کہنے کے پشچات ارجن کو کوئی اُتر نہ ملنے پر بھگوان نے پھر
دہرایا کہ سمپورن گوپنیہ میرے وچن کو تو پھر سُن ــــ تو میرا انتشیہ پریہ
ہے۔ اس لئے یہ ہتکارک وچن پھر بھی دہراؤں گا۔ ہے ارجن، تو کیول
مجھ سچد انند گھن پرماتما میں ہی من لگا۔ پرماتما کا ہی تو بھجن کر!
تو جن نمسکار سب پرمیشور کا ہی کیا کر! ایسا کرنے سے نشچیہ ہی تو
مجھ (پرماتما) میں لین ہو گا۔ اب تیرے لئے ستیہ پرتگیا کرتا ہوں تو
میرا پریہ سکھا ہے۔ سب نتیہ نومی تیاگ کرموں کا آشریہ چھوڑ کر کیول
پرماتما کی ہی اننیہ بھگتی کر! اس سے سب پاپوں سے مُکت ہو جائے گا۔
اب تو شوک مت کر! ہے ارجن! یہ تیرے ہت کے لئے میں نے کہا
ہے۔ اسے کسی تپ رہت، بھگت رہت سُننے کو اچھا نہ کرنے والے اُتھوا
پرمیشور کی نندا کرنے والے کو نہیں بتانا چاہیئے! جو پُرش مجھ میں اتینت
بھگتی رکھتا ہوا۔ میرے بھگتوں کو اس پرم رہسیہ کو بتلائے گا وہ،

نس سندھے مجھے پراپت ہوگا۔ منشیوں میں اس سے اَدھک میرا پریمی اور مجھے اس سے اَدھک پریہ کوئی نہیں ہوگا اور جو ہمارے اس دھرم سمواد کا سوادھیائے کرے گا وہ گیان یگ سے میری پوجا کرے گا۔ شردھالو اور دوش۔ درشٹی سے رہت کوئی پُرش اسے سُن بھی لے گا تو بھی پاپوں سے مُکت ہو پُنیہ آتماؤں کی گتی کو پراپت کرے گا۔ ہے ارجن، بتا تو سہی، تو نے دھیان سے سُنا یا نہیں؟ تیرا اگیان نشٹ ہوا یا نہیں؟ ارجن بولا ـــــ ہے اچیُت؛ آپ کی کرپا سے میرا موہ نشٹ ہو گیا؛ مجھے سمرن ہو آیا۔ اب میرا سندھے دُور ہو گیا۔ اب میں آپ کی آگیا کا پالن کروں گا۔ ! سنجے نے کہا ـــــ ہے راجن؛ میں نے شری واسُدیو اور مہاتما پارتھ کے اس ادبھوت رہسیہ مئہ روما نچکاری سمواد کو سُنا! شری ویاس جی کی کرپا کا یہ پھل ہے کہ اس پرم گوپنیئہ رہسیہ کو سویم یوگیشور کرشن کے مُکھ سے میں

نے سُنا ہے۔ ہے راجن ، کیشوؔ اور ارجن کے اس پُنیہ میہ سنواد کو یاد کر کے مجھے پُنہہ: پُنہہ: اَتی ہرش ہوتا اور بھگوان کا وہ اَتی ادبھوت رُوپ یاد کر کے مجھے بارم بار آشچریہؔ اور ہرش ہوتا ہے۔ وشیش کیا کہوں ؟ میرا تو یہ نشچیت مت ہے کہ یوگیشور شری کرشن اور گانڈیو دھاری ارجن جدھر ہیں اُدھر ہی شری ، وِجے ، وِبھوتی اور اچل نِیتی ہے۔

اوم تت ست

اتی شریمد بھگوت گیتا سو اُپ نشدو براہم ودیا یوگ شاسترے شری کرشن ارجن سمواد ے

موکھشیہ سنیاس یوگو نام اٹھارھواں ادھیائے سماپت ہوا۔

اَتھ اٹھارہویں ادھیائے کامہاتم

شری نارائن واچ ـــــــ ہے لکشمی ؛ اب اٹھارہویں ادھیائے کا مہاتم سنو ! ـــــ جیسے سب ندیوں میں گنگاجی شریشٹھ ہیں، سب چھیتروں میں ہری دوار، سب تیرتھوں میں پریاگ راج، سب پربتوں میں کیلاش پربت، سب رشیوں میں نارد سب گئوؤں میں کپلا کام دھونو گئو ؛ ویسے ہی سب ادھیاؤں میں گیتاجی کا اٹھارہواں ادھیائے شریشٹھ ہے، جس کا پھل سنو ـــــ ؛ دیولوک میں سمیرو پربت پر اندر اپنی سبھا لگائے بیٹھا تھا۔ اُروشی نرتیہ کر رہی تھی۔ بڑی پرسنتا میں بیٹھے تھے۔۔ اتنے میں ایک

چتر بھج رُوپ دھاری کو پاشر دلائے اور سب دیوتاؤں کے سامنے اندر سے کہا ـــــ تو اُٹھ اِس کو بیٹھنے دے۔ یہ سُن کر اندر نے پرنام کیا۔ اُس نے تیجسوی کو بٹھا دیا۔ اندر نے اپنے گُرو ورہسپت سے پوچھا، گُرو جی؛ تم ترکال درشی ہو دیکھو اِس نے ایسا کون سا پُنیہ کیا ہے جس سے یہ اندراسن کا ادھیکاری ہوا ہے۔ میرے جاننے میں اس نے کوئی پُنیہ، برت، یگ، دان نہیں کیا۔ وِشیش ٹھاکر مندر بھی نہیں بنوایا۔ تالاب اور کُوپ نہیں لگایا، کسی کو ابھیہ دان نہیں دیا۔ دیو گرو ورہسپت جی نے کہا ـــــ نارائن جی سے جا کر پوچھیں۔ تب راجہ اندر ورہسپتی، برہما دیک سب دیوتا شری نارائن جی کے پاس گئے، جا کر ڈنڈوت کر پرارتھنا پورو کہا ـــــ ہے سوامین، داس سہایک، بھکت رکھشک، آپ کو چار پرشدوں نے ایک چتر بھج تیج سوی سوروپ کو لا کر مجھ کو اندراسن سے اٹھا کر اُس کو بٹھا دیا ہے۔ میں نے نہیں جانا اُس نے کون پُنیہ کیا ہے۔ میں نے کئی اشومودھ یگ کیے ہیں۔ تب مجھے اندراسین کا ادھیکاری آپ نے کیا ہے۔ اِس نے ایک بھی اشومودھ یگ نہیں کیا ہے یہ مجھے آشچریہ ہے۔ تب شری نارائن جی نے کہا ـــــ ہے راجندر؛ تو مت ڈر، اپنا راجیہ کر۔ اِس نے بڑا

گھم اُتّم پنیہ کیا ہے ۔ اس کا نیم تھا کہ پرتی اسنان کر کے شری گیتا جی کے اٹھارہویں ادھیائے کا پاٹھ کرتا تھا۔ اس کے من میں بھوگوں کی ترشنا رہتی تھی۔ جب اس نے دیہہ چھوڑی تب میں نے آگیا کری ہے پاشردوں ؛ تم اِسکو پہلے جاکر اندرلوک بھوگنے دو ! جب اِسکا منورتھ پورا ہو تب میری سایوجیہ مُکت کو پہنچاؤ ! تم جاکر بھوگوں کی سمگری جمع کر دو ! تب راجہ اندر اور سب دیوتاؤں نے جاکر سب وستوئیں بھوگوں کی ایکتر کریں اور کہا ــــــ اندر لوک کے سُکھوں کو بھوگو ! کچھ کال اِندرپوری کے سُکھ بھوگ کر پھر وہ شری نارائن جی کی کرپا سے سایجیہ مُکت دیکر بیکنٹھ کا آدھیکاری کیا ! شری نارائن جی کہتے ہیں کہ ھے لکشمی ؛ اور شری شِوجی پاروتی جی سے کہتے ہیں کہ ھے پاروتی ؛ یہ اٹھارہواں ادھیائے کا مہاتم ہے جو تم نے شرون کیا ہے !

اِتی شری پدم پُورانے ستی ایشر سمواد ے گیتا مہاتم کا اٹھارہواں ادھیائے سماپت ہوا

شری گیتا جی کی آرتی

جے گیتا ماتا ، شری جے گیتا ماتا ! سُکھ کرنی دُکھ ہرنی تم کو جگ گاتا !! ممتا ، موہ ، اگیان کو چھن میں ناش کرو ! ستیہ گیان کا من میں ہی تو پرکاش کرو !! جے !! شرن تیری جو آوے تیری متی گرہن کرے ! پاپ تاپ مِٹ جاوے ، نربھے سِندھو ترے !! جے !! جب ارجن رن چھیتر میں شوکا دھیر ہوا ! کرتوے کرم تج بیٹھا ، بہت ملین ہوا !! جے !! تب شری کرشن چندر کے مُکھ سے تم اوتار لیا ! تتو بات سمجھا اُس کا اُدّھار کیا !! جے !! شریر جنمتے مرتے آتما اَدِی ناشی ! شریر کو دُکھ دیا لیے آتما سُکھ راشی !! جے !! شریر کی ممتا من سے تیاگ کرو ! آتما برہم کو چین ہو اُس سے انوراگ کرو !! جے !! جگ میں برہم کو جانو سب سے پریت کرو ! بیر بھاؤ ممتا وِش نہ اَن رت کرو !! جے !! نت نِش کام کرم

کر کے جگ اُپ کار کرو ! پھل وانچھا کو تیاگو، سد ویو ہار کرو !! جے !! من کو وش
میں کر کے اِچھا تیاگ کرو ! نِش کام جگت میں رہ ہری انوراگ کرو !! جے !!
یہ اُپدیش جو تیرے نر من میں لاوے بھگوان بھو ساگر سے وہ نر تر جاوے !! جے !!

پرات : کال پڑھنے کیلئے " ناگ لیلا

شری کوُل یمنا دھیو آگے ، جل میں بیٹھے پربھو جی آن کے ! ناگ . ناگنی دونوں بیٹھے ، شری کرشن جی پہنچے آن کے !! ناگنی کہتی سُنو رے بالک جاؤ یہاں سے بھاگ کے ! تیری صورت دیکھ من دیا اُبھی ناگ مارے گا جاگ کے !! کس کا بالک پتر کہیئے کون تمہرو گام ہے ! کس کے گھر تو جنمیو رے بالک کیا تمہارو نام ہے !! واسدیو جی کا پتر کہیئو گوکل ہمارو گام ہے ! شری ماتو دیو کی جنمیو میں تو شری کرشن ہمارو نام

ہے !! لے رے بالک پہنانڈے کنگن، کناں دے کنڈل تے سوا لاکھ کی باریاں !
اتنا درفیہ لے جا رے بالک دیاں ناگا کولاں چوریاں !! کیا کراں تیرے ہاتھوں کے
کنگن، کانوں کے کنڈل سوا لاکھ کی باریاں ! شری مات یشودا دہی بلووے، پاواں
تیرے ناگ کالے ڈوریاں !! کیا رے بال وید برہمن، کیا ماریا تو تاں جاہو نا
ایں ! ناگ دل میں آن پہنچیاں، اب کیسے گھر جاواں ایں !! تارے پدمنی براہمن نند
جی کا میں بال کا !! شری مات یشودا دہی بلووے نیترا مانگے کالے ناگ کا !! کر چوٹم
بھجا مروڑ ناگن ناگ جگایا۔ اٹھو۔ اٹھو رے بلونت جودھا بالک نتھنے کو آیا !!
اٹھو۔ اٹھو رے منڈلیک کے راجہ اندر باگوں بھر جایا ! بانکا مکٹ پر جھپٹ
لینی شری کرشن جی مکٹ بچایا !! بھجا کا بل سوامی کھینچ لیئے جیبھ کو بل پر بھو جی رہن
دیو ! ہاتھ کالی ناگ ناتھیوں پھن پھن نرت کرایو !! پھول۔ پھول متھرا کی
نگری دیو کی منگل گایو ! بھگت ہیتو پر بھو جنم لے کر لنکا میں راون ماریو !! کالی۔ دہہ
میں ناگ ناتھیا متھرا میں کنس پچھاریاں ! سپت دیپ نو کھنڈ چودہ سبھی تیرا ہے،

پدماریاں ! سُورداس پربھوجی تیرا لیش گاوے تیرے چرنوں توں بلی ہاریاں !!

آرتی نرگُن برہم کی

اوم جے جگدیش ہرے، سوامی جے جگدیش ہرے ! بھگت جنوں کے سنکٹ کھیتن میں دور کرے!! اوم !! جو دھیاوے پھل پاوے، دُکھ وِن سے من کا ! سُکھ سم پتی گھر آوے، کشٹ مِٹے تن کا !! اوم !! مات پتا تم میرے، شرن گہوں کِس کی ! تم بن اور نہ دوجا، آس کروں جس کی !! اوم !! تم پُورن پرماتما، تم انتریامی ! پار برہم پرمیشور تم سب کے سوامی !! اوم !! تم کرُونا کے ساگر، تم پالن کرتا ! میں مورکھ کھل کامی، کرپا کرو بھرتا !! اوم !! تم ہو ایک آگوچر، سب کے پران پتی کِس وِدھی مِلوں، گوسائیں، تم کو میں کُمتی !! اوم !! دین بندھو دُکھ ہرتا، ٹھاکر تم میرے ! اپنے ہاتھ

اٹھاؤ ، دوار پڑا تیرے !! اوم !! وِشیہ وِکار مٹاؤ ، پاپ ہرو دیوا ! شردھا بھگتی بڑھاؤ ، سنتن کی سیوا !! اوم !! اوم جے جگدیش ہرے ۔ بھگت جنوں کے سنکٹ کھین میں دُور کرو !! اوم !!

آرتی شری گنگا جی کی

اوم جے جے گنگے ، شری جے جے جے گنگے ! ترلوکی کے تارن کارن کشٹ نوارن بھگت اُدھارن آئی گنگے !! آشچریہ مہا وید سُنا دیں ، نرمُنی گیانی دھیان لگا دیں !! شری گنگے !! جو تیری شرناگتی آوے جیون مُکتی کا اچھت پھل پاوے !! شری گنگے !! پاپ ہرن مُکتی کی داتا ، کاٹے درشن یم کی تراسا !! ہر گنگے !! لال آرتی جو نت گاوے ، بسی بیکنٹھ پرم پد پاوے !! شری گنگے !!

آرتی شری گنگا جی کی دوسری

جو جن گنگا گنگا کہیں ، جنم جنم کے کوٹی کوٹی پاپ سب چھن ہی ماہیں دہیں ! کرت اسنان سو باجھت پھل تت چھن ترنت لہیں ! آرو کُل پدم نواسینی جے جے سیوک بانہہ گہیں ! بَت جیون جگد مبا جی کو ہری ہر دھیان دھریں ! دیون ارج کرت نِت دِھیادت مونڈھہ کو تران چہیں ! برج پتی کو پیاری سنگم تے بہو سُکھ دین چہیں !

آرتی شری شیوجی کی

شیش گنگ ادھرنگ پاروتی سدا وراجت کیلاشی ! نندی بھرنگی نرتیہ کرت ہیں گن بھگتا شیو کی داسی !! ۱ !! شیتل مند سگندھ پون بہے بیٹھے ہیں شیو اُوِی ناشی ! کرت گان گندھرو سپت سُر راگ، راگنی !! ۲ !! یکھش بھیروی جہاں ڈولت بولت ہیں جہاں بن واسی ! کوئل شبد سناوت سُندر بھرمر کرت ہیں گنجاسی !! ۳ !! کلپ ورکش اُدو پاریجات لاگ رہے ہیں لکشاسی ! سوریہ کانتی سم پروت شو بھِت چندر کھاونا کے واسی ! چھہوں و دلتو پھلت ہیں پشپ چڑھت ہیں ورشاسی !! ۴ !! دیو مُنی جن کی بھیڑ پڑت ہے نگم رہت جو نت گاسی برہما وشنو جاکو دھیان دھرت ہیں کچھو شیو ہم کو فرماسی !! ۵ !! رشی دھدی کے داتا شنکر سدا آنندت سکھ راشی ! جن کے سمرن سیوا کرنے سے ٹوٹ جائے یم کی پھانسی !! ۶ !!

ترشول دھر کو دھیان نرنتر من لگائے کر جو دھیاسی ! دُور کریں وِپتا شیو من کی، جنم جنم شیو پد پاسی !! ۷ !! کیلاش کاشی واسی اوی ناشی سُدھی لیجیو ! سیوک جان سدا چرنن کو اپنو جان درشن دیجیو !! ۸ !! تم تو پربھو جی سدا سیانے اوگن میرے سب ڈھکیو ! سب اپرادھ چھما کر شنکر کنکر کی وِنتی سُنیو !! ۹ !!

آرتی شری دُرگا جی کی

جیے امبے گوری مّیا جے منگل مورتی میّا آنند کرنی ! تم کو نِش دن دھیاوت ہری برہما شیوری !! ٹیک !! مانگ سندور وراجت ٹیکو مرگ مد کو اُموِل دو اُو نینا، چندر ودن نیکو !! ٹیک سمان کلیور رکتا مبر راجے ! رکت پشپ گل مالا کنٹھن پر ساجے !! کے ہری واہن راجت کھرگ کھپّر دھاری ! سُر نر مُنی جن سیوت تِن کے دُکھ ہاری !!

کانن کنڈل شوبھت ناسا گرے موتی ! کوٹک چندر دِیواکر راجت سم جیوتی !! شُبھ بڈاے
مہیشا سُر گھاتی دُھومر وِلوچن نیناں نِش دن مَد ماتی !! چونسٹھ یوگن گاوت نرتیہ کرت بھیڑو !!
باجت تال مردنگا اور باجت ڈمرو !! بُھجا چار آتی شوبھت کھڑگ کھپّر دھاری !
منواں چھت پھل پاوت سیوک نر ناری !! کنچن تھال وراجت اگر کپور کی باتی !
شری مال کیتو میں راجت کوٹی رتن جیوتی ! امبے جی کی آرتی جو کوئی نر گووے ! کہت
شیوانند سوامی سُکھ سمپت پاوے !! جے

آرتی شری سَت نارائن جی کی

جے لکشمی رمنا، شری جے لکشمی رمنا، ست نارائن سوامی جن پاتک ہرنا !!
رتن جڑت سنگھاسن اُدبھُد چھبی راجے ! نارد کرت گان نرنتر گھنٹہ دھونی باجے

پرکٹ بھئے کلی کارن دیوج کو درس دیو ! بوڑھو براہمن بن کے کنچن محل کیو !! دُربل بھیل کرال جن پر کرپا کری ! چندر چوڑ ایک راجہ تن کی وپت ہری !! ستیہ منورتھ پایو شردھا تج دینی ! سو پھل بھوگیو پر بھوجی پھیر اُستتی کینی !! بھاؤ بھگتی کے کارن چھن چھن رُوپ، دھریو ! شردھا دھارن کینی تنکو کاج سریو !! گوال بال سنگ راجا وَن میں بھگتی کری. من واں چھت پھل دینوں دین دیال ہری !! چڑھت پرساد سوا یو کدلی پھل میوا ! دھُوپ دیپ تُلسی سے راضی ستیہ دیوا !! شری ستیہ نارائن جی کی آرتی جو کوئی نر گاوے بھگت داس سُکھ سمپتی منواں چھت پھل پاوے !!

آرتی شری بجرنگ بلی کی

آرتی کیجے ہنومان لال کی ڈشٹ دلن رگھوناتھ کلا کی ! جاکے بل سے گر ور کانپے

